TarunMitra TarunMitra TarunMitra
TarunMitra TarunMitra TarunMitra
TarunMitra TarunMitra TarunMitra
TarunMitra TarunMitra TarunMitra
TarunMitra TarunMitra TarunMitra
TarunMitra TarunMitra TarunMitra
TarunMitra TarunMitra TarunMitra
TarunMitra TarunMitra TarunMitra
www.youtube.com/@TarunmitraGroup

THE DAILY JAWAN DOST LUCKNOW / JAUNPUR. UP

جوان دوست

e-mail:jawandostud@gmail.com

www.jawandost.com

Jaunpur/جونپور
جلدنمبر(۳۸)شمارہ نمبر(۱۹۵)جمعہ ۱۶/اکتوبر ۲۰۲۶ء
Vol.(38)Issue(195)Friday
16 October 2026

زیادہ سے زیادہ 24 ڈگری سیلسیس
کم سے کم 11 ڈگری سیلسیس

www.jawandost.com | لکھنور جونپور سے شائع ہونے والا اردو روزنامہ | صفحات-۶ | قیمت ۲/روپے


بھارت میں بینکنگ شعبے کی بڑی ڈیل

آئی ڈی بی آئی بینک کے 72.60 فیصد حصص کی فروخت کو منظوری

نئی دہلی۔15/اکتوبر۔ایم این این۔ بھارتی حکومت نے آئی ڈی بی آئی بینک کی اسٹریٹجک تنظیم نو کی منظوری دے دی ہے،جس کے تحت کینیڈا کی معروف سرمایہ کاری کمپنی فیئرفیکس فنانشل ہولڈنگز بینک کے 72.60 فیصد حصص تقریباً 878,52 کروڑ روپے میں خریدے گی۔ یہ معاہدہ بھارت کے مالیاتی شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی ایک بڑی پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔مرکزی وزیر اشونی ویشنو کے مطابق حکومت نے بینک کی تنظیم نو اور حصص کی فروخت کی منظوری دی ہے۔معاہدے کے تحت فیئرفیکس فی شیئر 81 روپے ادا کرے گی، جبکہ آزادانہ جائزے میں حصص کی اوسط قیمت 99.75 روپے مقرر کی گئی تھی۔معاہدے کی تکمیل کے بعد مرکزی حکومت کے پاس بینک کے 15 فیصد اور لائف انشورنس کارپوریشن آف انڈیا (LIC) کے پاس 19 فیصد حصص باقی رہیں گے۔اس طرح دونوں اداروں کی مشترکہ ملکیت 34 فیصد ہوگی۔آئی ڈی بی آئی بینک کی نجکاری کا عمل کئی برسوں سے جاری تھا،تاہم ضابطہ جاتی رکاوٹوں اور بولیوں کی قیمتوں پر اختلافات کے باعث اس میں تاخیر ہوئی۔ بینک کی مالی حالت میں نمایاں بہتری آئی ہے اور اس کے غیر فعال قرضوں کا تناسب ستمبر 2018 کے تقریباً 32 فیصد سے کم ہوکر مارچ 2026 میں 32.2 فیصد رہ گیا ہے۔

وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن کی بنکاک میں برطانوی وزیرِ خزانہ جان ہیلی سے ملاقات

دونوں رہنماؤں نے متعدد اہم امور پر تبادلۂ خیال کیا



نئی دہلی، 15 اکتوبر۔ایم این این۔مرکزی وزیرِ خزانہ و امورِ کارپوریٹ نرملا سیتارمن نے جمعرات کو بنکاک میں برطانیہ کے وزیرِ خزانہ جان ہیلی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے متعدد اہم امور پر تبادلۂ خیال کیا۔وزارتِ خزانہ نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر جاری ایک بیان میں بتایا کہ نرملا سیتارمن نے تھائی لینڈ کے دارالحکومت بنکاک میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر برطانیہ کے وزیرِ خزانہ جان ہیلی سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران سیتارمن نے گزشتہ اقتصادی و مالیاتی مذاکرات کے نتائج کو آگے بڑھانے کے ضمن میں چوتھے ہند-برطانیہ مالیاتی بازار کے مذاکرات، فن ٹیک سے متعلق اجلاسوں اور ان سے وابستہ آئی یو کے ایف پی کے اجلاسوں کی کامیاب تکمیل پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔وزارت کے مطابق، اس ملاقات میں وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے مشترکہ ترجیحات کے حصول اور جی 20 کے عمل کو تعمیری اور جامع بنانے کے لیے برطانیہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کے ہندوستان کے عزم کا اعادہ کیا۔انہوں نے برطانوی ہم منصب کو یہ بھی بتایا کہ ہندوستان 14 ویں اقتصادی و مالیاتی مذاکرات (ای ایف ڈی) کے انعقاد کا منتظر ہے،جن میں اہم معدنیات، ماحول دوست ٹیکنالوجی اور شہری و علاقائی شراکت داریوں کے شعبوں میں تعاون کی تجاویز زیرِ غور آئیں گی۔دونوں فریقوں نے تصدیق کی کہ اگلے اقتصادی و مالیاتی مذاکرات رواں سال دسمبر میں منعقد ہوں گے۔اس سے قبل، جمعرات کو بنکاک کے سوورن بھومی ہوائی اڈے پہنچنے پر تھائی لینڈ میں ہندوستان کے سفیر پنیت اگروال نے نرملا سیتارمن کا استقبال کیا۔

بی جے پی کی خواتین ممبران پارلیمنٹ کے وفد نے اکوئجم کے خلاف برلا کو سونپا میمورنڈم



نئی دہلی، 15 اکتوبر (یو این آئی) بی جے پی کی خواتین ممبران پارلیمنٹ کے ایک وفد نے جمعرات کو لوک سبھا اسپیکر اوم برلا سے ملاقات کر کے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ انگومچا بمول اکوئجم پر خواتین کے جنسی استحصال کے الزامات کا حوالہ دیتے ہوئے ان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔مسٹر اکوئجم ازمنی پور لوک سبھا سیٹ سے ممبر پارلیمنٹ ہیں اور جواہر لعل نہرو یونیورسٹی (جے این یو) میں پروفیسر رہ چکے ہیں۔ جے این یو کی 11 طالبات نے ان کے خلاف جنسی استحصال کی شکایات درج کرائی تھیں،جس کے بعد یونیورسٹی کی اندرونی کمیٹی نے معاملے کی جانچ کی اور الزامات درست پائے جانے پر جے این یو نے گزشتہ 9 اکتوبر کو انہیں پروفیسر کے عہدے سے برطرف کر دیا تھا۔اس معاملے میں دہلی پولیس نے بھی شکایت کی بنیاد پر مقدمہ درج کر کے جانچ شروع کر دی ہے۔بی جے پی کی خواتین ممبران پارلیمنٹ کے وفد میں مہیلا مورچہ کی انچارج اور ممبر پارلیمنٹ ڈی پورندیشوری، مہیلا مورچہ کی قومی صدر اور ممبر پارلیمنٹ روپکماری چودھری، بانسری سوراج، کمل جیت سہراوت، ایس فانگنون کونیاک، سندھیا رائے اور اپراجتا سارنگی سمیت دیگر خواتین ارکان پارلیمنٹ شامل تھیں۔بی جے پی کی رکن پارلیمنٹ بانسری سوراج نے مسٹر برلا سے ملاقات کے بعد کہا کہ کانگریس قیادت کو اس معاملے میں خاموشی اختیار کرنے کے بجائے کارروائی کرنی چاہئے۔انہوں نے کانگریس صدر ملکارجن کھرگے۔راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی واڈرا سے سوال کیا کہ خواتین کے حقوق اور پدرشاہی کے خلاف آواز اٹھانے والے اس معاملے پر ردعمل کیوں نہیں دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ طالبات نے اکوئجم کے خلاف شکایت کی تھی اور جانچ کے بعد یونیورسٹی نے الزامات کو صحیح پایا تھا۔محترمہ پورندیشوری نے بھی کانگریس کی خواتین کے حقوق سے متعلق سیاست پر سوال اٹھاتے ہوئے محترمہ واڈرا کے نعرے 'لڑکی ہوں، لڑ سکتی ہوں' کا ذکر کیا اور پوچھا کہ اس معاملے میں پارٹی نے کیا اقدامات کیے ہیں۔بی جے پی مہیلا مورچہ کی قومی صدر روپکماری چودھری نے کہا کہ معاملے میں شکایت کرنے والی طالبات کی حفاظت اور انہیں انصاف ملنا ضروری ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس کے سینئر رہنماؤں نے طالبات کے حق میں آواز بلند نہیں کی۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی شکایت کرنے والوں کے ساتھ کھڑی رہے گی اور انہیں انصاف دلانے کے لیے اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔

مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بھارت کی متوازن پالیسی قابلِ تعریف

ممبئی۔15/اکتوبر۔ایم این این۔ عالمی ٹیکنالوجی کمپنی آئی بی ایم (IBM) کے بھارت اور جنوبی ایشیا کے مینجنگ ڈائریکٹر سندیپ پٹیل نے مصنوعی ذہانت (AI) کے حوالے سے بھارتی حکومت کی پالیسی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت جدت، سرمایہ کاری اور صارفین کے تحفظ کے درمیان مؤثر توازن قائم کر رہا ہے۔ممبئی میں منعقدہ آئی بی ایم تھنک 2026 کانفرنس کے موقع پر سندیپ پٹیل نے کہا کہ بھارت مصنوعی ذہانت کے لیے ایسے ضابطے تیار کر رہا ہے جو ٹیکنالوجی کی ترقی میں رکاوٹ ڈالنے کے بجائے اس کے محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال کو یقینی بنائیں گے۔انہوں نے ڈیجیٹل خودمختاری کو انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے اسے ڈیجیٹل سوراج کا نام دیا۔ان کے مطابق بھارت سمیت دنیا بھر کے ممالک کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے ڈیٹا، تکنیکی بنیادی ڈھانچے اور مصنوعی ذہانت کے نظام پر مؤثر کنٹرول برقرار رکھیں۔ بھارتی حکومت مصنوعی ذہانت کے ضابطوں سے متعلق ایک مشاورتی دستاویز جاری کرنے کی تیاری کر رہی ہے، جس میں صارفین کی حفاظت، ڈیپ فیک ٹیکنالوجی کے خطرات، افرادی قوت کی تربیت اور مصنوعی ذہانت کے سماجی فوائد پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔مرکزی وزیر اشونی ویشنو کے مطابق مصنوعی ذہانت سے پیدا ہونے والے چیلنجز کا مقابلہ صرف قوانین کے ذریعے ممکن نہیں، بلکہ قانونی نگرانی کے ساتھ جدید تکنیکی حفاظتی اقدامات بھی ضروری ہیں۔سندیپ پٹیل نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے ذمہ دارانہ استعمال کے لیے ڈیٹا کی درستگی، اے آئی ماڈلز کی نگرانی اور ان کے فیصلوں میں شفافیت بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ کمپنیوں کو یہ بھی یقینی بنانا ہوگا کہ مصنوعی ذہانت سے حاصل ہونے والے نتائج قابلِ وضاحت اور قابلِ اعتماد ہوں۔انہوں نے بھارتی آئی ٹی کمپنی انفوسس کی مثال دیتے ہوئے بتایا کہ اس نے اپنا اے آئی گورننس نظام تیار کرنے کے بجائے آئی بی ایم کا واٹسن ایکس گورننس پلیٹ فارم اختیار کیا، جسے اب داخلی سرگرمیوں کے ساتھ صارفین کے منصوبوں میں بھی استعمال کیا جا رہا ہے۔پٹیل کے مطابق بھارت کی متوازن حکمت عملی مصنوعی ذہانت میں سرمایہ کاری، تکنیکی جدت اور ڈیجیٹل خودمختاری کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔

عالمی کمپنی نیلسن کی 75 فیصد جدت بھارت سے

مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بنگلورو عالمی مرکز بن گیا

نئی دہلی۔15/اکتوبر۔ایم این این۔ عالمی ڈیٹا اینالیٹکس اور میڈیا آڈینس میژرمنٹ کمپنی نیلسن نے بھارت کو اپنی عالمی جدت اور مصنوعی ذہانت کی ترقی کا اہم ترین مرکز قرار دیا ہے۔ کمپنی کے چیف ٹیکنالوجی آفیسر انیل گوئل کے مطابق نیلسن کی تقریباً 75 فیصد عالمی اختراعی سرگرمیاں بھارت میں انجام دی جارہی ہیں، جبکہ بنگلورو کمپنی کا دنیا بھر میں سب سے بڑا انوویشن مرکز بن چکا ہے۔نیلسن کے بھارت میں پانچ ہزار سے زائد ملازمین کام کر رہے ہیں، جو کمپنی کی مجموعی عالمی افرادی قوت کا تقریباً نصف ہیں۔انیل گوئل نے واضح کیا کہ بھارت میں کمپنی کے مراکز محض روایتی گلوبل کیپبلٹی سینٹرز نہیں بلکہ عالمی سطح پر نئی ٹیکنالوجی تیار کرنے اور اہم فیصلے کرنے والے مراکز ہیں۔ کمپنی مصنوعی ذہانت اور بڑے لینگویج ماڈلز کے ذریعے اشتہارات، میڈیا اور صارفین کے رویوں کا تجزیہ کرنے کے طریقوں میں نمایاں تبدیلی لا رہی ہے۔ پہلے اشتہاری معلومات کی پروسیسنگ کا 80 سے 90 فیصد کام خودکار نظام انجام دیتے تھے، لیکن مصنوعی ذہانت کی مدد سے یہ شرح بڑھ کر 97 سے 98 فیصد ہوگئی ہے۔اس تکنیکی تبدیلی کے نتیجے میں دستی نگرانی کے لیے درکار افرادی قوت ایک ہزار سے زائد ملازمین سے کم ہوکر چند سو رہ گئی ہے۔نیلسن کھیلوں کے مقابلوں میں کھلاڑیوں کی جرسیوں پر موجود برانڈز اور اشتہارات کی شناخت کے لیے بھی مصنوعی ذہانت استعمال کر رہی ہے۔ پہلے اس کام کے لیے ویڈیوز کا تفصیلی جائزہ لینا پڑتا تھا، لیکن اب یہی عمل چند گھنٹوں میں مکمل ہوسکتا ہے۔ کمپنی ٹیلی ویژن، اسٹریمنگ پلیٹ فارمز، سوشل میڈیا، موبائل فونز اور دیگر ڈیجیٹل ذرائع پر صارفین کی سرگرمیوں کی پیمائش کے لیے جدید مشین لرننگ ٹیکنالوجی بھی تیار کر رہی ہے۔انیل گوئل کے مطابق نیلسن کے پاس ٹیلی ویژن ناظرین کی پیمائش کے لیے ایک لاکھ سے زائد گھروں کا پینل موجود ہے، جبکہ مختلف ذرائع سے سات کروڑ سے زائد گھروں کے ڈیٹا تک رسائی حاصل ہے۔ کمپنی اب چیٹ جی پی ٹی، جیمنائی اور کلاڈ جیسے مصنوعی ذہانت کے پلیٹ فارمز پر صارفین کے گزارے گئے وقت اور ان کے فیصلوں پر ٹیکنالوجی کے اثرات کا بھی مطالعہ کر رہی ہے۔انیل گوئل نے کہا کہ بھارت اگرچہ فی الحال نیلسن کے لیے آمدنی کے لحاظ سے نسبتاً چھوٹی منڈی ہے، لیکن ترقی کے امکانات کے اعتبار سے دنیا کی دس اہم ترین منڈیوں میں شامل ہے۔

بھارت کے مصنوعی ذہانت کے سفر کو آگے بڑھانے کیلئے نوجوان آگے آئیں: پیوش گوئل



نئی دہلی۔15/اکتوبر۔ایم این این۔مرکزی وزیر برائے تجارت وصنعت، شری پیوش گوئل نے نوجوان ہندوستانیوں سے اپیل کی کہ وہ ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کو اپنائیں، اپنی مہارتوں کو مسلسل بہتر بنائیں اور 2047 تک ہندوستان کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے سفر میں اپنا کردار ادا کریں۔ وکست بھارت کی جانب پیش قدمی کے موضوع پر منعقدہ 'ایس آر سی سی صد سالہ کانکلیو' کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے زور دیا کہ مینوفیکچرنگ (پیداواری شعبے)، ٹیکنالوجی کے استعمال اور مہارتوں کی ترقی میں سرمایہ کاری سے ہندوستان کے نوجوانوں کے لیے مواقع پیدا ہوں گے اور عالمی معیشت میں ملک کی پوزیشن مضبوط ہوگی۔شری گوئل نے کہا کہ آج کل ممالک کو مینوفیکچرنگ اور سرمایہ کاری کے مراکز کے طور پر جانچنے کے لیے سیاسی استحکام، مضبوط سپلائی چین، اور منصفانہ وشفاف تجارتی طریقوں کو بنیاد بنایا جارہا ہے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ ہندوستان کے پاس سرمایہ کاری کو راغب کرنے، مینوفیکچرنگ کو وسعت دینے اور نئی ٹیکنالوجیز کو اپنانے کا موقع موجود ہے بی جس میں شمالی اور شمال مشرقی ہندوستان بھی شامل ہیں بی تاکہ روزگار کے مواقع پیدا کیے جاسکیں اور معاشی ترقی کو فروغ دیا جاسکے۔انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ مصنوعی ذہانت ، سائبر سیکیورٹی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے عملی اطلاق میں مہارتیں حاصل کر کے روزگار کے بدلتے ہوئے منظرنامے کے لیے خود کو تیار کریں۔شری گوئل نے کہا کہ 'لارج لینگویج ماڈلز اور دیگر AI سسٹمز کو ایسے عملی آلات میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے جنہیں کاروباری ادارے اور عام شہری استعمال کر سکیں۔ 1990 اور 2000 کی دہائیوں میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں ہندوستان کی ترقی کا حوالہ دیتے ہوئے، انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ نئی ٹیکنالوجیز کو محض اپنانے تک محدود نہ رہیں، بلکہ ان کی تیاری اور اطلاق میں بھی قائدانہ کردار ادا کریں۔شری گوئل نے مسلسل سیکھنے اور ذاتی ترقی کی اہمیت پر بھی زور دیا۔انہوں نے طلباء کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ اپنی مہارتوں میں اضافے کو زندگی بھر کی ذمہ داری سمجھیں اور ایسے ابھرتے ہوئے مواقع کی نشاندہی کریں جو کاروباری ترقی، کاروبار کرنے میں آسانی اور معیارِ زندگی کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہو سکیں۔انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے نوجوان تکنیکی پیش رفت کو مختلف شعبوں میں عملی حل میں تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔'وکست بھارت 2047' کے وژن کو اجاگر کرتے ہوئے، شری گوئل نے کہا کہ ہندوستان کی آزادی کی صد سالہ تقریب تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کا ہدف 4.1 ارب ہندوستانیوں کا مشترکہ عزم ہے۔ سابق صدر ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے اس پیغام کا حوالہ دیتے ہوئے کہ 'احساسِ کمتری' اور 'شکست خوردہ ذہنیت' پر قابو پانا ضروری ہے، انہوں نے اعتماد، بلند حوصلے اور ایک مثبت قومی نقطہ نظر اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے ملک کے مستقبل کی تشکیل میں بھارت کی ثقافت، روایات اور ورثے کے کردار کا بھی ذکر کیا، اور شہریوں کے درمیان اجتماعی کوششوں اور احساسِ فرض کی اہمیت پر زور دیا۔شری گوئل نے طلباء کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ بلند اہداف مقرر کریں اور اپنی انفرادی امنگوں کا تعین کریں؛ انہوں نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ شہریوں کی مشترکہ کوششیں بھارت کو ایک نمایاں عالمی طاقت کے طور پر ابھرنے میں مدد دے سکتی ہیں۔

وزیر خارجہ جے شنکر کی متحدہ عرب امارات کے نائب وزیر اعظم کے ساتھ ملاقات

مغربی ایشیا میں کشیدگی کے دوران درمیان تعلقات پر بات چیت



ابوظہبی۔15/اکتوبر۔ایم این این۔وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے جمعرات کو ابوظہبی میں متحدہ عرب امارات کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زاید النہیان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے عالمی نظام میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کے تناظر میں کثیر الجہتی اداروں میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا۔ جے شنکر نے رائسینا مڈل ایسٹ فورم کے ایک سیشن میں شیخ عبداللہ کے ساتھ شرکت کی، جس کا موضوع تھا □ "مستقبل کی دنیا □ طاقت، مقصد اور امکانات۔" سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں، جے شنکر نے کہا کہ عالمی نظام میں تبدیلی کی تیز رفتار، طویل مدتی رجحانات اور فوری نوعیت کے جھٹکوں بی دونوں کی عکاسی کرتی ہے۔اس صورتحال نے ممالک کو نئی شراکت داریوں اور اسٹریٹجک متبادل تلاش کرنے کی جانب راغب کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "ممالک اپنی مخصوص صورتحال کے مطابق ردعمل ظاہر کرتے ہیں، اور اس کوشش میں لامحالہ نئی شراکت داریاں اور تازہ امکانات تلاش کیے جاتے ہیں۔" جے شنکر نے بھارت اور متحدہ عرب امارات کی شراکت داری کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ یہ "بدلتے ہوئے عالمی ماحول کے تناظر میں ہمارے دونوں ممالک کے ردعمل کی ایک بہترین مثال ہے۔" بھارت اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دیرینہ تعلقات ہیں، جو تجارت، ثقافتی تبادلوں اور بحیرہ عرب کے پار مضبوط عوامی روابط پر مبنی ہیں۔ صدیوں تک موتیوں، کھجوروں، مصالحوں، کپڑوں اور ماہی گیری کی تجارت نے مغربی بھارت کو خلیجی خطے سے جوڑے رکھا۔ دونوں ممالک کے درمیان باضابطہ سفارتی تعلقات کا آغاز 1972 میں ہوا، جس کے بعد ابوظہبی اور نئی دہلی میں سفارت خانے قائم کیے گئے۔ متحدہ عرب امارات کے سرکاری دورے کے دوران، جے شنکر نے جارجیا کی وزیر خارجہ ماکا بوچوریشویلی سے بھی ملاقات کی اور ان کے ساتھ کاروبار، مواصلاتی رابطوں، ثقافت اور عوامی سطح کے تعلقات پر تبادلہ خیال کیا۔ بدھ کے روز ایکس ※ پر ایک پوسٹ میں، جے شنکر نے لکھا، "جارجیا کی وزیر خارجہ ماکا بوچوریشویلی سے مل کر خوشی ہوئی۔" انہوں نے مزید کہا، "ہمارے تعلقات، بشمول تجارت، سیاحت اور تعلیم کے شعبوں میں، مسلسل وسعت اختیار کر رہے ہیں۔ ہم نے کاروبار، مواصلاتی رابطوں، ثقافت اور عوامی سطح کے شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرنے پر بات چیت کی۔" انہوں نے مزید کہا، "خطے میں جاری پیش رفت پر بھی بات چیت ہوئی۔" جے شنکر متحدہ عرب امارات کے تین روزہ دورے (14 تا 16 اکتوبر) پر ابوظہبی پہنچے، جس کا مقصد جامع اسٹریٹجک شراکت داری کا جائزہ لینا اور دوسرے رائے سینا مڈل ایسٹ فورم میں شرکت کرنا ہے۔

چناب ریل پل جموں وکشمیر میں نیا سیاحتی مقام بنے گا

جموں۔15/اکتوبر۔ایم این این۔ جموں وکشمیر میں دنیا کا سب سے اونچا ریلوے پل سیاحوں کے لیے ایک نئی منزل بننے والا ہے۔ انڈین ریلوے سیاحوں کے لیے چناب پل کو دیکھنے کے لیے پلیٹ فارم بنا رہا ہے جو ایفل ٹاور سے اونچا ہے۔ ویٹیج پوائنٹ کی سہولت جلد مکمل ہونے کا امکان ہے اور اسے دریائے چناب پر اسٹیل آرچ پل دیکھنے کے لیے سیاحوں کے لیے کھول دیا جائے گا۔ ریل پل ایک انجینئرنگ کا کمال ہے جس کا افتتاح گزشتہ سال وزیر اعظم نریندر مودی نے کیا تھا۔ حکام کا کہنا ہے کہ آبزرویشن ڈیک سیاحوں کے لیے ریلوے کی انجینئرنگ کی سب سے نمایاں علامتوں کو دیکھنے کا موقع فراہم کریں گے بجائے اس کے کہ اس کا محض ٹرانزٹ میں تجربہ کریں۔ ہمالیائی بنیادی ڈھانچے کے اس تاریخی نشان کو قریب سے دیکھنے کے لیے سیاحوں کے لیے یہ ایک بہترین منزل ثابت ہوگی۔ ویٹیج پوائنٹ کی سہولت لوگوں کو 1300 میٹر لمبے پل کا ایک خوبصورت منظر پیش کرے گی جو دریا کے بیڈ سے 359 میٹر اوپر کھڑا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ پل کی تعمیر کے مختلف مراحل اور اس کی تعمیر کے دوران درپیش چیلنجز کو دکھانے کے لیے ایک انجینئرنگ میوزیم تیار کیا جارہا ہے۔ مشہور پل 272 کلومیٹر طویل ادھم پور-سری نگر-بارہمولہ (USBRL) کا حصہ ہے جس نے کشمیر کو ہر موسم میں ریل رابطہ فراہم کیا ہے۔ تمام موسمی رابطے کے علاوہ، اس نے جموں اور سری نگر کے درمیان فاصلہ اور سفر کا وقت کم کر دیا ہے۔ کٹرہ سے سری نگر تک، وندے بھارت پر سفر کا وقت اب 3 گھنٹے سے بھی کم ہے۔ ریلوے لائن 36 سرنگوں اور 900 پلوں سے گزرتی ہے۔ کٹرا اور قاضی گنڈ کے درمیان 110 کلومیٹر میں سے، 90 کلومیٹر سے زیادہ کا سفر سرنگوں کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ ان میں ہندوستان کی سب سے لمبی ریل سرنگیں ہیں۔ چناب پل کو ہمالیہ کے دشوار گزار علاقے اور انتہائی زلزلے والے علاقے میں تعمیر کیا گیا ہے۔ اسٹیل آرچ پل کو انتہائی تیز ہواؤں اور 8 شدت کے زلزلے کو برداشت کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اہلکار نے کہا کہ اب تک کشمیر جاتے ہوئے لوگ ٹرین کی کھڑکی سے پل کو دیکھ سکتے تھے۔ مشاہداتی پلیٹ فارم لوگوں کو ایک نیا تجربہ فراہم کرے گا اور پل کو سیاحتی مقام میں بدل دے گا۔" لوگ اب پل کی تعمیر کا پیمانہ دیکھ سکتے ہیں۔

پاکستان کی طرف سے دہشت گردی ہوئی تو پہلے سے بھی بڑا حملہ ہوگا: وزیر دفاع



نئی دہلی۔15؍اکتوبر۔ایم این این۔وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے جمعرات کو کہا کہ ہندوستان کے امن کے عزم کو کمزوری نہیں سمجھنا چاہیے۔امن برقرار رکھنے کے لیے طاقت اور صلاحیت بھی ضروری ہے۔قومی راجدھانی میں ٹائمز نیٹ ورک کے نیشنل ڈیفنس کانکلیو 2026 سے خطاب کرتے ہوئے راجناتھ سنگھ نے کہا کہ ہندوستان کی تہذیبی سوچ اور ثقافتی اقدار مکالمے، باہمی میل جول اور پُرامن حل کی راہ دکھاتی ہیں، لیکن امن کی خواہش کا مطلب کمزوری نہیں ہے۔انہوں نے کہا،''امن کی خواہش ہماری تہذیبی سوچ اور ثقافتی اقدار کا لازمی حصہ ہے۔ہماری ثقافت ہمیں بات چیت، بقائے باہمی اور مسائل کے پُرامن حل کا راستہ دکھاتی ہے۔لیکن امن کے لیے ہمارے عزم کو کمزوری نہیں سمجھنا چاہیے۔امن برقرار رکھنے کے لیے طاقت اور صلاحیت بھی ضروری ہیں۔'' وزیر دفاع نے خبردار کیا کہ اگر پاکستان کی طرف سے مزید دہشت گردانہ سرگرمیاں ہوئیں تو ہندوستان پہلے کی کارروائیوں سے بھی بڑا حملہ کرے گا۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردانہ حملوں کے جواب میں ہندوستان ہمیشہ فیصلہ کن کارروائی کرتا رہا ہے۔راجناتھ سنگھ نے دہشت گردی کے بڑے واقعات کے بعد ہندوستان کی فوجی کارروائیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ 2016 میں اُڑی دہشت گردانہ حملے کے بعد سرجیکل اسٹرائیک کی گئی، 2019 میں پلوامہ حملے کے بعد بالاکوٹ میں فضائی حملے کیے گئے اور گزشتہ سال پہلگام میں شہریوں کے قتل کے بعد آپریشن سندور کے تحت کارروائی کی گئی۔انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران پاکستان میں موجود دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کیا گیا، جو دہشت گردی کے خلاف ایک فیصلہ کن ضرب تھی۔وزیر دفاع نے کہا،''جن لوگوں نے دہشت گردی کا راستہ اختیار کیا ہے، وہ اب زیادہ عرصے تک اس راستے پر نہیں چل سکیں گے۔ہماری مسلح افواج انہیں بہت جلد ختم کر دیتی ہیں۔2014 کے بعد سے بیشتر دہشت گردوں کی عمر سرگرمی ایک سال سے بھی کم رہ گئی ہے۔یعنی ہندوستان کے خلاف ہتھیار اٹھانے کے ایک سال کے اندر ہماری حفاظتی فورسز بیشتر دہشت گردوں کو ہلاک کر چکی ہوتی ہیں۔'' دہشت گردی کا مقابلہ کرنے میں انفرادی بہادری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے راجناتھ سنگھ نے کیپٹن اسمت مچھر کی بہادری کا بھی ذکر کیا۔انہوں نے کہا کہ انسانیت پر یقین رکھنے والے کسی ایک شخص کا حوصلہ بھی نفرت اور دہشت پھیلانے والوں کے ارادوں پر بھاری پڑ سکتا ہے۔انہوں نے کہا،''انسانیت پر یقین رکھنے والے کسی ایک شخص کی بہادری، نفرت سے بھرے کسی دہشت گرد کے ارادوں سے زیادہ طاقتور ہو سکتی ہے۔کیپٹن اسمت مچھر کی بہادری اس یقین کو مضبوط کرتی ہے کہ دہشت کی طاقت چاہے کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو، انسانیت کے لیے وقف شخص کا عزم اسے شکست دے سکتا ہے۔''

'ایسٹک 2026': زرعی نئی ٹیکنالوجی پر ہوگی گہری بحث

نئی دہلی/کرنال، 15 اکتوبر (یو این آئی) اس مہینے کے آخری ہفتے میں ایمرجنگ سائنس، ٹیکنالوجی اینڈ انوویشن کانکلیو' (ایسٹک 2026 کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔اس قومی کانفرنس میں زراعت۔ٹیکنالوجی، خوراک کا نظام، غذائیت' اور دیگر امور پر گہری بحث کی جائے گی۔زرعی تحقیق اور تعلیم کے محکمے (ڈی اے آر اے) کے سکریٹری اور انڈین کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ (آئی سی اے آر) کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ایم ایل جاٹ نے کرنال کے سنٹرل سوائل سیلینیٹی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں منعقدہ تقریب میں یہ جانکاری دی۔انہوں نے بتایا کہ یہ پروگرام 27 سے 29 اکتوبر 2026 تک نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں منعقد کیا جائے گا۔یہاں جاری ایک پریس ریلیز میں یہ جانکاری دی گئی۔انہوں نے بتایا کہ ایسٹک 2026' کانفرنس میں سائنس سے جڑے کئی محکمے، شعبے، تحقیقی ادارے اور اسٹارٹ اپ ایک ساتھ آئیں گے۔پروگرام میں منعقد ہونے والی ایک نمائش میں 13 اسٹال، 50 نئی ٹیکنالوجی والے اسٹارٹ اپ اور 10 محکمہ جاتی ٹیکنالوجیز دکھائی جائیں گی۔اس کا بنیادی مقصد سائنسدانوں کی نئی ایجادات اور تحقیق کے نتائج کو براہ راست کسانوں اور عام لوگوں کے کام سے جوڑنا ہے۔اس کانفرنس کے دوران ہونے والی بحثوں میں ملک اور بیرون ملک کے نامور سائنسدان اور ماہرین حصہ لیں گے۔ڈاکٹر جاٹ نے بتایا کہ سائنسی ایجادات صرف لیبارٹریوں تک محدود نہیں رہنی چاہئیں، بلکہ اچھے بیجوں اور نئی ٹیکنالوجیز کے ذریعے براہ راست کسانوں کے کھیتوں تک پہنچنی چاہئیں۔آئی سی اے آر کی توجہ جینوم ایڈیٹنگ، نئی فصلوں، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے والی زراعت، کیڑے مار ادویات کے انتظام، مویشیوں کی صحت، ماہی پروری اور کھیتی کی مشینری کو فروغ دینے پر ہے۔انہوں نے بتایا کہ آئی سی اے آر نے دنیا کی پہلی دو جینوم ایڈیٹڈ دھان کی قسمیں اور ارہر کا نیا جینیاتی ماڈل تیار کیا ہے۔اس کے علاوہ، پچھلے سال باغبانی کی فصلوں کی 117 نئی قسمیں تیار کی گئی ہیں۔مویشیوں کی صحت کے لیے افریقی سوائن فیور اور لمپی بیماری کے دیسی ٹیکے تیار کیے جا رہے ہیں۔

ریکھا گپتا نے لوک نائک ہسپتال میں جدید ترین سی ٹی اسکین اور تین ایم آر آئی مشینوں کا افتتاح کیا

نئی دہلی، 15 اکتوبر (یو این آئی) دہلی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے سیوا سنکلپ ابھیان' کے تحت جمعرات کے روز لوک نائک ہسپتال میں جدید ترین ڈوئل سورس 256-سلائس سی ٹی اسکین مشین اور تین جدید ترین ایم آر آئی مشینوں کا افتتاح کیا۔محترمہ گپتا نے لوک نائک ہسپتال میں پہلے شروع کی گئی صحت کی سہولیات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ یہاں ماؤں اور نومولود بچوں کی بہتر دیکھ بھال کے لیے لیکٹیشن مینجمنٹ یونٹ' قائم کیا گیا ہے، جو دودھ کے بینک کے طور پر کام کر رہا ہے۔اس کے علاوہ، ہسپتال میں این اے ٹی مشین فراہم کی گئی ہے، جس سے ایچ آئی وی اور ہیپاٹائٹس کی جانچ تقریباً 48 گھنٹے میں کی جا سکتی ہے۔یہ ٹیکنالوجی خون کی جانچ کو زیادہ موثر بنانے اور محفوظ بلڈ ڈونیشن کے عمل کو مضبوط کرنے میں بھی مددگار ہے۔ہسپتال میں نادر بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لیے خاص وارڈ بھی تیار کیا گیا ہے، جہاں انہیں ضروری علاج اور سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔وزیر اعلیٰ نے نومولود بچوں کو سنگین بیماریوں سے بچانے کے لیے شروع کی گئی انمول یوجنا' کا بھی ذکر کیا۔انہوں نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت پیدائش کے فوری بعد نومولود بچے کے خون کے ایک قطرے سے ممکنہ جینیاتی بیماریوں کی جانچ کی جاتی ہے۔اس سے بیماری کی ابتدائی حالت میں شناخت کر کے وقت پر ضروری علاج شروع کرنے میں مدد ملتی ہے اور بچے کی بہتر صحت کو یقینی بنانے کی سمت میں اہم قدم اٹھایا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ دہلی حکومت کا عزم ہے کہ معاشی صورتحال یا کسی دوسری مشکل کی وجہ سے کوئی بھی شہری معیاری طبی سہولیات سے محروم نہ رہے۔اسی مقصد سے سرکاری ہسپتالوں میں جدید طبی ٹیکنالوجی، بہتر بنیادی ڈھانچے اور جدید جانچ کی سہولیات کو وسعت دی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ وقت پر بیماری کی شناخت اور مناسب علاج کی دستیابی سے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات ملیں گی اور دہلی کے صحت کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جا سکے گا۔دہلی کے وزیر صحت ڈاکٹر پنکج کمار سنگھ نے کہا کہ لوک نائک ہسپتال میں اب جدید ترین ڈوئل سورس سی ٹی اسکینر' اور 3-ٹیسلا ایم آر آئی سسٹم' سے مریضوں کو اور زیادہ بہتر اور انتہائی تیز رفتار جانچ کی سہولیات ملیں گی۔ایل این جے پی ہسپتال گنجان آبادی والے علاقے میں ہے اور لاکھوں کی تعداد میں مریض علاج کروانے کے لیے آتے ہیں۔اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی کی یہ سہولیات مریضوں کو بالکل مفت فراہم کی جائیں گی۔

دلت طبقے کے مسلمانوں کو سیاسی بصیرت و بیداری سے سیاسی فیصلہ لینے کی ضرورت: ڈاکٹر ایوب



پرتاپ گڑھ (نامہ نگار): پیس پارٹی کے قومی صدر ڈاکٹر ایوب سرجن نے کہا کہ مسلمانوں کو گمراہ کر ووٹ لینے والی پارٹیوں و دیگر اپنے کو مبینہ مسلم پارٹی کے طور پر شمار کرنے والوں نے کبھی بھی مسلم طبقے کے دلتوں کی آواز نہیں اٹھائی کہ ان کا سلب کیا گیا حق واپس کیا جائے، واحد پیس پارٹی ہی ایسی ہے جو روز اول سے دلت طبقے کے مسلمانوں کے حق کی آواز اٹھا رہی، اور بیدار بھی کر رہی ہے۔دلت طبقے کے مسلمان اپنے غیر آئینی طریقے سے ریزرویشن چھیننے والی کانگریس کو آج تک سمجھ نہیں پائے ہیں، اور وہ سیاسی طور پر گمراہ ہو کر رہ گئے ہیں، انہوں نے دلت طبقے کے مسلمانوں کے حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ جب تک دلت طبقے کے مسلمان سیاسی بصیرت و بیداری کے ساتھ پیس پارٹی کے شانہ بشانہ آ کر سیاسی فیصلہ نہیں لیں گے، انہیں انصاف ملنے والا نہیں ہے۔ڈاکٹر ایوب نے کہا کہ سماجوادی پارٹی و بی ایس پی کو ان کی آواز اٹھانے کی کوئی غرج بھی نہیں ہے۔پیس پارٹی ہی ایسی واحد پارٹی ہے جو سبھی مسلمانوں کے حقوق کے لئے آواز اٹھا رہی، اور حقوق کی آواز اٹھانے کے لئے ہی مجھے جیل تک جانا پڑا، مگر میری پالیسی و حوصلوں میں کوئی کمی نہیں آئی، اور جدو جہد جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس نے 1950 میں آئین و جمہوریت کی پاسداری کے برعکس تعصب کی بنیاد پر دلت طبقے کے مسلمانوں کا ریزرویشن ختم کر دیا، اور وزارت میں شامل اس پارٹی کے ایک بھی مسلم لیڈر نے اس ناانصافی کے خلاف آواز نہیں اٹھائی، اور آر ایس ایس کا خوف دلا کر ووٹ حاصل کرتے رہے۔انہوں نے کہا کہ کھویا ہوا وقار، انصاف و حقوق وہیں تو میں حاصل کرتی ہیں، جنہوں نے اپنے قیادت کی حمایت کر ایک سیاسی طاقت دی اور ایوان تک پہنچایا۔مسلمانوں کو سماجوادی پارٹی سے وابستہ و بی ایس پی سے وابستہ 7 فیصد یادو و 18 فیصد دلتوں سے سبق لینے کی ضرورت ہے، جنہوں اپنی سیاسی طاقت کو باور کرانے کے لئے اپنی قیادت کو ترجیح دی، اور آج کوئی بھی پارٹی ان کی چشم پوشی نہیں کرتی۔جب تک 25 فیصد مسلمان ان یادو و دلتوں سے سبق لیتے ہوئے اپنی قیادت پیس پارٹی کو ترجیح نہیں دیں گے، ان کے مسائل حل ہونے والے نہیں ہیں۔

پنجاب، ہریانہ اور دھلی میں بھاری بارش

ژالہ باری اور 60 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چلنے کی پیشگوئی

نئی دہلی، 15 اکتوبر (یو این آئی) محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) نے جمعرات کو پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دہلی کے کچھ علاقوں میں بھاری سے بہت بھاری بارش کی وارننگ دی ہے۔اس کے ساتھ ہی ژالہ باری، بجلی گرنے اور 60 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔محکمہ نے جنوبی ہند میں شمال مشرقی مانسون کی بارش شروع ہونے کے آثار بھی ظاہر کیے ہیں۔آئی ایم ڈی نے جمعرات کی صبح جاری تازہ بلیٹن میں 15 اکتوبر کو پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دہلی، ہماچل پردیش اور جموں و کشمیر میں وسیع پیمانے پر بارش کا تخمینہ لگایا ہے۔ 16 اکتوبر سے شمال مغربی ہند میں بارش کی سرگرمی کمزور ہونے کے آثار ہیں۔جمعرات کو پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دہلی کے کچھ حصوں میں بجلی کڑکنے کے ساتھ آندھی طوفان آنے اور 50-40 کلومیٹر فی گھنٹہ (جو 60 کلومیٹر فی گھنٹہ تک پہنچ سکتی ہے) کی رفتار سے ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔اتراکھنڈ، مغربی اتر پردیش اور مشرقی راجستھان سمیت اس پورے علاقے کے کچھ حصوں میں ژالہ باری کا بھی تخمینہ ہے۔جموں و کشمیر کے اوپر ایک ویسٹرن ڈسٹربنس' سرگرم تھا، جبکہ شمال مغربی اتر پردیش اور جنوب مغربی راجستھان کے اوپر الگ الگ سائیکلونک سرکولیشن برقرار ہیں۔آئی ایم ڈی کے مطابق، 14 اکتوبر کی صبح 8:30 بجے سے 15 اکتوبر کی صبح 5:30 بجے کے درمیان پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دہلی اور مغربی راجستھان کے کئی علاقوں میں بارش درج کی گئی۔انبالہ میں 3 سینٹی میٹر، جبکہ پٹیالہ اور سری گنگانگر میں 1-1 سینٹی میٹر بارش ہوئی۔جموں اور کٹھوعہ ناگ میں 3-3 سینٹی میٹر، اور قاضی گنڈ، سری نگر نیز کٹرا میں 2-2 سینٹی میٹر بارش درج کی گئی۔محکمہ نے 16 اکتوبر کو پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دہلی میں کچھ جگہوں پر بارش کا تخمینہ لگایا ہے، جس کے بعد 17 سے 21 اکتوبر تک موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔محکمہ نے وارننگ دی ہے کہ ژالہ باری اور تیز ہواؤں سے کھڑی فصلوں، باغبانی، بجلی اور مواصلاتی لائنوں، اور کمزور ڈھانچوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔کسانوں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ اپنے باغوں اور سبزیوں کی فصلوں کو اولوں سے ہونے والے نقصان سے بچائیں۔دریں اثنا، آئی ایم ڈی نے بتایا کہ ملک کے باقی حصوں سے جنوب مغربی مانسون کی واپسی اور 15 اکتوبر سے جنوبی ہند میں شمال مشرقی مانسون کی بارش شروع ہونے کے لیے موافق حالات بن گئے ہیں۔جمعرات کو کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل کے کچھ علاقوں میں بھاری سے بہت بھاری بارش کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔16 اکتوبر کو جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں بھی اسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔محکمہ نے 15 سے 20 اکتوبر کے درمیان تمل ناڈو، کیرالہ اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں وسیع پیمانے پر بارش کا تخمینہ لگایا ہے۔اس کے علاوہ، آندھرا پردیش، تلنگانہ اور ساحلی کرناٹک کے کچھ حصوں میں بھی الگ الگ دنوں میں بھاری بارش ہونے کا امکان ہے۔محکمہ نے تنبیہ دی ہے کہ تیز بارش اور آندھی طوفان کی وجہ سے حساس علاقوں میں مقامی سطح پر سیلاب اور پانی جمع ہو سکتا ہے، لینڈ سلائیڈنگ، کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور سڑک و ریل نقل و حمل میں رکاوٹ آ سکتی ہے۔پچھلی مشاہداتی مدت کے دوران تمل ناڈو کے ناگپٹنم میں 9 سینٹی میٹر بارش درج کی گئی، اس کے بعد کرائیکل میں 8 سینٹی میٹر اور وشاکھاپٹنم میں 3 سینٹی میٹر بارش ہوئی۔اس کے علاوہ 15 سے 20 اکتوبر کے دوران مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور ودربھ میں کہیں کہیں بارش ہونے کا انداز ہے۔اس دوران اڈیشہ، مغربی بنگال، بہار، جھارکھنڈ اور شمال مشرقی ریاستوں کے کچھ حصوں میں بھی بارش ہونے کے آثار ہیں۔آئی ایم ڈی نے بتایا کہ 14 اکتوبر کو گجرات کے ڈیسا میں سب سے زیادہ درجہ حرارت 40.2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

ای سی آئی کی ایس آئی آر کے خلاف راہل گاندھی اور انڈیا اتحاد لیڈروں کی عرضی پر سپریم کورٹ کا نوٹس، درخواست گزار کے رویے پر برہمی کا اظہار

نئی دہلی، 15 اکتوبر (یو این آئی) سپریم کورٹ نے جمعرات کے روز اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی اور انڈیا اتحاد کے دیگر رہنماؤں کی جانب سے الیکشن کمیشن آف انڈیا (ای سی آئی) کے ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی (ایس آئی آر) کے عمل کو چیلنج کرنے والی عرضی پر الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کیا۔چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوئے مالیا باگچی پر مشتمل بینچ نے الیکشن کمیشن، چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار اور الیکشن کمشنرز سکھبیر سنگھ سندھو اور ودیک جوشی کو نوٹس جاری کیا۔سماعت کے دوران چیف جسٹس نے زبانی تبصرہ کرتے ہوئے کہا،"ہم درخواست گزاروں میں سے ایک سے ان کے رویے کے بارے میں بھی سوال کریں گے۔" عدالت کا یہ تبصرہ اس وقت سامنے آیا جب راہل گاندھی نے کانگریس اور دیگر اپوزیشن رہنماؤں کے ساتھ 12 اکتوبر کو سپریم کورٹ کی طرف مارچ کیا تھا، جس سے عدالت کے احاطے میں کافی بھیڑ اور افراتفری پیدا ہو گئی تھی۔اگرچہ راہل گاندھی کی طرف سے ابتدائی طور پر خود ذاتی طور پر عرضی جمع کرانے کی توقع تھی، لیکن سپریم کورٹ کی رجسٹری کا وقت ختم ہونے کے قریب ہونے کے باعث اسے وکلاء کے ذریعے دائر کیا گیا۔بعد میں رہنماؤں نے رجسٹری کا دورہ کیا، جس سے عدالت کے احاطے میں مزید بھیڑ جمع ہو گئی تھی۔درخواست گزاروں میں کانگریس صدر ملکارجن کھرگے، ترنمول کانگریس کے سوگت رائے، سماجوادی پارٹی کے اکھلیش یادو، آر جے ڈی کے تیجسوی پرساد یادو، شیوسینا (یو بی ٹی) کے سنجے راؤت، سی پی آئی (ایم) کے ایم اے بیبی، سی پی آئی کے ڈی راجا، جے ایم ایم کی مہوا ماجھی، این سی پی (شرد پوار دھڑے) کی سپریا سولے اور آئی یو ایم ایل کے ای ٹی محمد بشیر شامل ہیں۔وی سی کے کے صدر تھول تھرومالون اور نیشنل کانفرنس کے رکن پارلیمنٹ سجاد احمد کچلو بھی بعد میں اس عرضی میں شامل ہو گئے۔یہ عرضی ایس آئی آر کی عمل کے خلاف اپوزیشن کے احتجاج اور ووٹر فہرستوں کی نظر ثانی میں مبینہ بے ضابطگیوں پر چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے استعفے کے مطالبے کے درمیان سامنے آئی ہے۔سپریم کورٹ نے اے آئی ایم آئی ایم کے سربراہ اسد الدین اویسی کی جانب سے ایس آئی آر کے عمل کو چیلنج کرنے والی ایک الگ عرضی اور کانگریس رہنما دگوجے سنگھ کی جانب سے دائر کی گئی ایک اور عرضی پر بھی نوٹس جاری کیا۔عرضی میں ایس آئی آر کے عمل کا عدالتی جائزہ لینے کی مانگ کی گئی ہے، جس میں الیکشن کمیشن کے 24 جون 2025 کے فیصلے کے ریکارڈ کی پیشی اور آئینی و قانونی دفعات کی تعمیل کی جانچ شامل ہے۔اس میں 2023 کے ایکٹ کے تحت اجتماعی اور دستاویزی فیصلہ سازی، آن لائن فارم 6 کی اصلاح اور ووٹروں کے نام خارج کیے جانے اور ووٹر لسٹ کے ڈیٹا بیس کا آڈٹ کرنے کے لیے سپریم کورٹ کے ایک ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں ایک کمیٹی کی تشکیل کا مطالبہ کیا گیا ہے۔دیگر اہم مطالبات میں بوتھ وار خارج کیے گئے ووٹروں کے ناموں اور ان کی وجوہات کی اشاعت، نام خارج کرنے سے پہلے نوٹس اور سماعت، ناموں کو بحال کرنے کا نظام، انتخاب والی ریاستوں میں اندراج کی آخری تاریخ میں توسیع، اور کیس کے زیر التواء رہنے تک ملک بھر میں ایس آئی آر عمل کی معطلی شامل ہے۔

عالمی چیلنجز کے باوجود ستمبر میں ہندوستانی برآمدات میں 23 فیصد کا اضافہ

نئی دہلی، 15 اکتوبر (یو این آئی) عالمی چیلنجز کے باوجود ہندوستان کی تجارتی برآمدات ستمبر میں سالانہ بنیاد پر 23 فیصد بڑھ کر 44.40 ارب ڈالر ہو گئیں، جبکہ درآمدات 8 فیصد اضافے کے ساتھ 74.61 ارب ڈالر رہیں۔اس کے نتیجے میں تجارتی خسارہ بڑھ کر 30.21 ارب ڈالر ہو گیا، جو گزشتہ سال ستمبر میں 33 ارب ڈالر تھا۔وزارت تجارت و صنعت کے مطابق اپریل تا ستمبر 27-2026 کے دوران اشیا اور خدمات سمیت مجموعی برآمدات 476.20 ارب ڈالر رہنے کا اندازہ ہے، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 418.31 ارب ڈالر کے مقابلے میں 13.84 فیصد زیادہ ہے۔اشیا کی برآمدات بھی 18.51 فیصد بڑھ کر 259.89 ارب ڈالر ہو گئیں۔ستمبر میں الیکٹرانک اشیا، پٹرولیم مصنوعات، کیمیکل، انجینئرنگ مصنوعات اور سوتی دھاگے و کپڑے کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا۔الیکٹرانک اشیا کی برآمد 70.44 فیصد بڑھ کر 5.31 ارب ڈالر اور انجینئرنگ مصنوعات کی برآمد 20.91 فیصد اضافے کے ساتھ 12.17 ارب ڈالر ہو گئی۔ایکسپورٹرز کی تنظیم فیو کے صدر ایس سی رالہن نے کہا کہ امریکی درآمدی محصولات سے متعلق غیر یقینی صورتحال، جغرافیائی سیاسی کشیدگی اور لاجسٹک چیلنجز کے باوجود ہندوستانی برآمد کنندگان مضبوطی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔انہوں نے نئے بازار تلاش کرنے اور عالمی ویلیو چین میں ہندوستان کی شراکت بڑھانے پر زور دیا۔انجینئرنگ ایکسپورٹرز کی تنظیم ای ای پی سی انڈیا کے چیئرمین پنکج چڈھا نے کہا کہ انجینئرنگ مصنوعات کی برآمدات میں مسلسل چھٹے ماہ اضافہ ہوا ہے۔ستمبر میں یہ برآمدات تقریباً 21 فیصد بڑھیں، جبکہ اپریل تا ستمبر کی مدت میں 19.7 فیصد اضافے کا اندازہ ہے۔انہوں نے کہا کہ نئے آزاد تجارتی معاہدے ہندوستانی برآمد کنندگان کے لیے نئے مواقع پیدا کریں گے۔

گاڑیوں کی فروخت جولائی تا ستمبر 18 فیصد بڑھی، دوسری سہ ماہی میں نیا ریکارڈ قائم

نئی دہلی، 15 اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی بازار میں گاڑیوں کی تھوک فروخت جولائی تا ستمبر 2026 کے دوران 18.2 فیصد بڑھ کر 8387938 یونٹ تک پہنچ گئی، جو دوسری سہ ماہی کا نیا ریکارڈ ہے۔گاڑیاں بنانے والی کمپنیوں کی تنظیم سیام کے ڈائریکٹر جنرل راجیش مینن نے بتایا کہ سہ ماہی کے دوران مسافر گاڑیوں، تجارتی گاڑیوں، تین پہیہ اور دو پہیہ گاڑیوں سمیت تمام زمروں میں دوسری سہ ماہی کی اب تک کی سب سے زیادہ فروخت درج کی گئی۔سیام کی جانب سے جمعرات کو جاری اعداد و شمار کے مطابق، دوسری سہ ماہی میں مسافر گاڑیوں کی فروخت 30.7 فیصد بڑھ کر 1360687 یونٹ ہو گئی۔اس میں مسافر کاروں کی فروخت 24.9 فیصد اور یوٹیلیٹی گاڑیوں کی فروخت 34.2 فیصد بڑھ کر بالترتیب 398631 یونٹ اور 919068 یونٹ رہی۔وین کی فروخت 15.3 فیصد اضافے کے ساتھ 42988 یونٹ درج کی گئی۔تجارتی گاڑیوں کی فروخت 28.7 فیصد بڑھ کر 309063 یونٹ درج کی گئی۔ان میں 187892 ہلکی تجارتی گاڑیاں اور 121171 درمیانی اور بھاری تجارتی گاڑیاں فروخت ہوئیں۔ان کی فروخت میں بالترتیب 23.8 فیصد اور 37 فیصد اضافہ ہوا۔سہ ماہی کے دوران تین پہیہ گاڑیوں کی فروخت میں 23.6 فیصد اضافہ ہوا اور یہ 285342 یونٹ تک پہنچ گئی۔اس میں ای رکشہ اور ای کارٹ کی فروخت کم ہوئی، جبکہ دیگر تین پہیہ گاڑیوں کی فروخت بڑھی۔دو پہیہ گاڑیوں کی فروخت 15.2 فیصد بڑھ کر 6432842 یونٹ تک پہنچ گئی۔اسکوٹروں کی فروخت میں 27.7 فیصد کا زبردست اضافہ درج کیا گیا۔دوسری سہ ماہی میں ملک میں مجموعی طور پر 2661039 اسکوٹر فروخت ہوئے۔موٹر سائیکلوں کی فروخت 7.4 فیصد بڑھ کر 3619853 یونٹ درج کی گئی۔اس دوران ملک میں 151950 موپیڈ فروخت ہوئے، جو ایک سال پہلے کے مقابلے 15.4 فیصد زیادہ ہیں۔حکومت کی جانب سے گزشتہ سال ستمبر میں اشیا اور خدمات ٹیکس (جی ایس ٹی) کے ڈھانچے میں تبدیلی کے بعد زیادہ تر گاڑیوں پر ٹیکس میں نمایاں کمی آئی تھی۔اس کے ساتھ ہی گزشتہ مالی سال سے تنخواہ دار افراد کی 12 لاکھ روپے تک کی آمدنی کو ٹیکس سے مستثنیٰ کرنے کے سبب لوگوں کی قابل خرچ آمدنی میں اضافہ ہوا ہے۔ان دونوں عوامل کی وجہ سے گزشتہ ایک سال سے ملک کی گاڑیوں کی صنعت میں زبردست تیزی دیکھی جا رہی ہے۔سیام کے اعداد و شمار کے مطابق، صرف ستمبر کے مہینے میں بھی گاڑیوں کی فروخت میں اچھی تیزی دیکھی گئی۔مسافر گاڑیوں کی فروخت 21.8 فیصد بڑھ کر 454574 یونٹ تک پہنچ گئی۔دو پہیہ گاڑیوں کی فروخت بھی 13.5 فیصد بڑھ کر 2463103 یونٹ رہی۔تین پہیہ گاڑیوں کی فروخت میں 16 فیصد اضافہ درج کیا گیا اور یہ 98162 یونٹ رہی۔

گاندھی فیضِ عام کالج میں ''پروین شاکر بحیثیت شاعرہ'' کے عنوان سے ایک روزہ سیمینار منعقد



شاہجہاں پور (راشد حسین) گاندھی فیضِ عام کالج، شاہجہاں پور کے شعبۂ اردو کے زیرِ اہتمام ''پروین شاکر بحیثیت شاعرہ'' کے عنوان سے ایک روزہ سیمینار منعقد کیا گیا۔ سیمینار کی صدارت کالج کے پرنسپل محسن حسن خاں نے کی۔ اس موقع پر طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل محسن حسن خاں نے کہا کہ پروین شاکر اردو کی ممتاز جدید شاعرات میں شمار ہوتی ہیں۔ ان کی شاعری میں نسائی احساسات، محبت، تنہائی، ہجرت، عورت کی خودشناسی اور انسانی رشتوں کی پیچیدگیاں نمایاں طور پر جلوہ گر ہیں۔ شعبۂ اردو کے صدر ڈاکٹر تجمل حسین نے کہا کہ پروین شاکر کی شاعری کا مطالعہ کرتے وقت اس بات کو پیشِ نظر رکھنا چاہیے کہ ان کے یہاں محبت محض ایک رومانوی جذبہ نہیں، بلکہ عورت کی ذات، شناخت، آزادی اور سماجی وجود کے اظہار کا ذریعہ بھی ہے۔ ڈاکٹر مسیح اللہ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پروین شاکر کی شاعری میں نسائی احساسات، محبت اور عورت کی خودشناسی کی بھرپور عکاسی ملتی ہے۔ ان کے کلام میں عورت کے جذبات کو منفرد انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر نسیم احمد نے کہا کہ پروین شاکر کی شاعری محبت، ہجر اور تنہائی کے احساسات کی ترجمان ہے۔ ان کی شاعری میں سادگی، نرمی اور جذبات کی گہرائی نمایاں ہے۔ ڈاکٹر کوثر جمال نے کہا کہ پروین شاکر نے اردو شاعری میں نسائی شعور کو نئی جہت عطا کی اور عورت کے احساسات و جذبات کو بے باکی سے بیان کیا۔ ان کی شاعری آج بھی قارئین کے دلوں پر اثر انداز ہوتی ہے۔ سیمینار میں اساتذہ ڈاکٹر کوثر جمال، ڈاکٹر نسیم احمد اور ڈاکٹر مسیح اللہ کے علاوہ ریسرچ اسکالرز محمد میاں، شمع فاطمہ اور اسعد سمیت طلبہ و طالبات نے بھی اپنے تاثرات پیش کیے۔ طلبہ و طالبات میں شاداب، محمد ظفر، ملاحت، عائشہ، اقصیٰ اسحاق، زونی، فرحین، ہدا، شازمہ، حلیمہ اور آفتاب کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ مقالہ نویسی کے مقابلے میں اقصیٰ نے پہلی، زونی نے دوسری اور کلثوم نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ کامیاب شرکا کو مومنٹو پیش کر کے اعزاز سے نوازا گیا۔ پروگرام کی نظامت ڈاکٹر کوثر جمال نے کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک سے ہوا۔ زونی، کلثوم، ہدا اور آمنہ نے قومی ترانہ ''سارے جہاں سے اچھا، ہندوستاں ہمارا'' پیش کر کے حاضرین کو محظوظ کیا، جب کہ ہدا اور شازمہ نے دعائیہ کلام پیش کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر خلیل احمد اور ڈاکٹر ساجد بھی موجود رہے۔ سیمینار میں کالج کے اساتذہ، ریسرچ اسکالرز اور بڑی تعداد میں طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔

سور بھ قتل کیس: استغاثہ نے سزائے موت کا کیا مطالبہ

اسلام ایک جامع نظام حیات کا نام ہے۔ اس کے احکام محض چند رسمی عبادات یا ظاہری اعمال تک محدود نہیں ہوتے بلکہ اس کے ہر حکم میں انسان کی انفرادی و اجتماعی فلاح کی کچھ حکمتیں پوشیدہ ہوتی ہیں۔ زکوٰۃ بھی اسلام کے بنیادی ارکان میں سے ایک ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ہر صاحب نصاب مسلمان پر فرض قرار دیا ہے۔ یہ بظاہر مال کے ایک متعین حصے کو اس کے مستحقین تک پہنچانے کا نام ہے لیکن حقیقت میں یہ ایک ایسی عبادت ہے اور ایسا الٰہی نظام ہے جس سے انسان کی روحانی تربیت، اخلاقی پاکیزگی اور معاشرتی فلاح کی گہری حکمتیں پوشیدہ ہیں۔ ایک طرف جہاں اس سے غریبوں، مسکینوں اور محتاجوں کی حاجت روائی، دولت کی منصفانہ گردش، معاشی توازن کا قیام، ملی اخوت اور ایثار و ہمدردی کے جذبات کا فروغ مقصود ہے تو دوسری طرف اس کی چند دیگر حکمتیں بھی ہیں جو براہ راست انسان کے تزکیۂ نفس سے جڑی ہوئی ہیں۔ قرآن کریم نے زکوٰۃ کے مقصد تزکیہ کو واضح کرتے ہوئے فرمایا: ''(اے نبیؐ!) آپ ان کے اموال میں سے صدقہ (زکوٰۃ) وصول کیجیے، اس کے ذریعہ ان (کے اموال) کو پاک کردیجیے اور ان کا تزکیہ کیجیے۔'' (التوبۃ: ۱۰۳)۔ یہ آیت اس حقیقت کی نشان دہی کرتی ہے کہ زکوٰۃ کا مقصد صرف مال کا ایک حصہ منتقل کرنا نہیں بلکہ انسان کے باطن کی اصلاح اور معاشرے کی تطہیر بھی ہے۔ اس لیے یہ ضروری ہے کہ زکوٰۃ کے حکم کی حکمتوں اور اس کی حقیقی روح کو سمجھا جائے تاکہ انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اس کے عظیم مقاصد کو بروئے کار لایا جاسکے۔ پہلی بات یہ کہ زکوٰۃ کی ادائیگی بندوں کی اللہ سے محبت کا امتحان ہے۔ ایک مومن سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ اس کے دل میں سب سے زیادہ محبت اپنے رب کی ہو۔ ارشاد ربانی ہے: ''اور ایمان والے اللہ کی محبت میں بہت سخت ہوتے ہیں۔'' (البقرۃ: ۱۶۵)۔ دوسری آیت میں قرآن کریم نے آٹھ چیزوں کی نشان دہی کرکے مسلمانوں کو متنبہ کیا ہے کہ کبھی بھی ان کی محبت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت سے اور اللہ کی راہ میں جہاد سے جس میں کبھی جان عزیز کو بھی قربان کرنا پڑتا ہے، زیادہ نہیں ہونی چاہیے ورنہ تم پر اللہ تعالیٰ کی گرفت ہونے کا قوی اندیشہ ہے۔ فرمان خداوندی ہے: ''آپ کہہ دیجیے کہ اگر تمھارے باپ، تمھارے بیٹے، تمھارے بھائی، تمھاری بیویاں، تمھارا خاندان، اور وہ اموال جو تم نے کمائے ہیں، اور وہ تجارت جس کی کساد بازاری کا تمھیں خوف لگا رہتا ہے، اور وہ مکان جنھیں تم پسند کرتے ہو، تمھیں اللہ تعالیٰ، اس کے رسولؐ اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ محبوب ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم (عذاب) لے آئے اور اللہ تعالیٰ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔'' (التوبۃ: ۲۴)۔ ان آیات کے تناظر میں ہر مسلمان یہ دعویٰ رکھتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے سب سے زیادہ محبت رکھتا ہے۔ دوسری طرف انسان کی فطرت یہ ہے کہ وہ مال و دولت سے بھی بے حد محبت کرتا ہے۔ قرآن اس کی گواہی یوں دیتا ہے: ''حقیقت یہ ہے کہ وہ (انسان) مال کی محبت میں بہت سخت ہے۔'' (العادیات: ۸)۔ اس لیے اللہ رب العزت نے زکوٰۃ وصدقات کا حکم دیا تاکہ وہ بندوں کو آزمائے کہ کون اس کی محبت کو مال و دولت کی محبت پر ترجیح دیتا ہے اور اپنی محبوب چیز کو اللہ کی خوشنودی کے لیے قربان کرتا ہے؟ جو لوگ اس آزمائش میں پورا اترتے ہیں اور اپنا مال اللہ کی محبت میں فقرا اور مساکین پر خرچ کرتے ہیں، انھیں ہی قرآن نے سچا مومن اور متقی قرار دیا ہے اور ان کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے: ''نیکی یہی نہیں ہے کہ تم اپنے چہرے مشرق اور مغرب کی طرف پھیر لو بلکہ اصل نیکی اس کی ہے جو اللہ تعالیٰ پر، آخرت کے دن پر، فرشتوں پر، کتاب پر اور نبیوں پر ایمان لائے اور جو مال سے محبت کرنے کے باوجود قرابت داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، اور سوال کرنے والوں کو دے اور غلاموں کو آزاد کرانے میں خرچ کرے اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے اور اپنے عہد کو پورا کرے جب وہ عہد کرے، اور تنگ دستی، تکلیف اور لڑائی کے وقت صبر کرے، یہی وہ لوگ ہیں جو سچے ہیں اور یہی لوگ ہیں جو متقی ہیں۔'' (البقرۃ: ۱۷۷)۔ اس لیے ایک مال دار مومن کو چاہیے کہ وہ پوری خوش دلی سے زکوٰۃ وصدقات ادا کرکے اللہ تعالیٰ سے اپنی سچی محبت کا ثبوت دے۔ صدقات کی تو کوئی حد مقرر نہیں جو چیز بھی اپنی ضرورت سے زائد ہو راہ خدا میں تقسیم کی جاسکتی ہے لیکن زکوٰۃ کی شرح مقرر ہے جو کہ جمع سونا، چاندی، نقدی اور مال تجارت جس پر سال گزر جائے، کا ڈھائی فی صد یعنی چالیسواں حصہ ہے اور کھیت و باغات کی پیداوار جو تیار ہوجائے، کا دسواں حصہ (عشر) ہے اگر زمین قدرتی ذرائع سے سیراب ہو، اور اگر زمین مصنوعی ذرائع سے سیراب ہو تو پیداوار کا بیسواں حصہ (نصف عشر) زکوٰۃ ہے۔ اب اگر ایک شخص اپنی جمع پونجی کا چالیسواں حصہ یا غلوں اور پھلوں کی پیداوار کا دسواں یا بیسواں حصہ بھی اللہ کے لیے نہ نکالے تو اللہ تعالیٰ کی محبت کا اس کا دعویٰ بالکل کھوکھلا ہے۔ دوسری حکمت زکوٰۃ وصدقات کی یہ ہے کہ اس کے ذریعہ بخل کے مرض سے انسان کے دل کو پاک کرنا مقصود ہے۔ بخل کو رسول اللہ ﷺ نے ایک سنگین بیماری قرار دیا ہے، جب بنوسلمہ قبیلے کے افراد نے آپؐ کی خدمت میں اپنی حاضری کے وقت اپنے سردار جد بن قیس کے بخل کی شکایت کی تو آپؐ نے فرمایا: ''بخل سے بڑھ کر بھی کوئی بیماری ہے؟''، پھر آپؐ نے بشر بن البراء بن معرور رضی اللہ عنہ کو ان پر سردار مقرر کردیا۔ (المستدرک للحاکم علیہ الرحمۃ، حدیث نمبر ۴۹۶۵)۔ اسی طرح حضرت جابرؓ نے اپنے معاملے میں جب حضرت ابوبکر صدیقؓ سے بخل سے کام لینے کی شکایت کی تو انھوں نے بیت المال سے لگ بھگ پندرہ سو درہم دے کر ان کی شکایت دور کی اور بعینہ یہی الفاظ دہرائے یعنی بخل سے زیادہ سنگین بیماری اور کیا ہوسکتی ہے؟ (صحیح البخاریؒ، حدیث نمبر ۳۱۳۷، ۴۳۸۳)۔ ان روایات سے بالکل واضح ہے کہ بخل ایک سنگین قلبی مرض ہے اور یہ وہ مرض ہے جو کبھی بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کو مال و دولت کی محبت پر غالب نہیں ہونے دیتا جس کے نتیجے میں انسان کا ایمان کبھی کامل نہیں ہو پاتا اور وہ اللہ تعالیٰ کے قرب سے محروم ہی رہ جاتا ہے۔ اس لیے رسول اللہ ﷺ نے خود بھی اس مرض سے پناہ مانگی ہے اور اپنی امت کو بھی اس کی تعلیم دی ہے۔ آپؐ کی معمول کی دعاؤں میں سے ایک دعا یہ بھی تھی: ''اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں غم والم سے، عجز و کمزوری سے، سستی سے، بخل سے، بزدلی سے، قرض کے بوجھ سے، اور لوگوں کے غلبہ سے۔'' (صحیح البخاریؒ، حدیث نمبر ۵۴۲۵)۔ آپؐ سے بخیل کے اخروی انجام کے سلسلے میں سخت وعید منقول ہے۔ آپؐ نے اہل جہنم کے تذکرے میں فرمایا: ''ہر بداخلاق، تندخو، متکبر، مال جمع کرکے رکھنے والا اور نیکی سے روکنے والا جہنم میں ہوگا۔'' (مسند أحمد علیہ الرحمۃ، حدیث نمبر ۶۵۸۰)۔ اس لیے قرآن کریم نے ان لوگوں کو جو بخل و کنجوسی کے مرض سے بچا لیے گئے، کامیابی کی بشارت دی ہے۔ ارشاد ربانی ہے: ''اور جو شخص اپنے نفس کے بخل سے بچا لیا گیا تو وہی ہیں جو فلاح پانے والے ہیں۔'' (الحشر: ۹)۔ اس تناظر میں دیکھیں تو زکوٰۃ وصدقات بخل و کنجوسی کے لیے لازمی دوا کی مانند ہیں کہ ان کے بغیر اس مرض کا علاج محال ہے۔ اس لیے ہر صاحب مال کو چاہیے کہ اس مقصد کو پیش نظر رکھ کر ان کا اہتمام کرے تاکہ بخل جیسی مہلک بیماری سے اسے نجات حاصل ہو، اس کا ایمان درجۂ کمال کو پہنچے، اللہ کا قرب اسے حاصل ہو اور بالآخر وہ اخروی فلاح پانے والوں میں شامل ہوجائے۔ جو لوگ اس مرض میں مبتلا رہ جاتے ہیں، ان کے سلسلے میں قرآن پاک میں بھی سخت وعیدیں ہیں۔ ارشاد ربانی ہے: ''اور جو لوگ بخل کرتے ہیں اس (مال) میں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے انھیں دے رکھا ہے وہ ہرگز گمان نہ کریں کہ ان کے لیے وہ بہتر ہے، بلکہ ان کے لیے وہ بہت ہی برا ہے، عنقریب وہ (مال) جس میں بخل کیا تھا قیامت کے دن ان کے گلے کا طوق بنا دیا جائے گا۔'' (آل عمران: ۱۸۰)۔ دوسری آیت میں کچھ لوگوں کے بخل اختیار کرنے، اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرنے اور اطاعت سے روگردانی کرنے پر پوری قوم کو دوسری قوم سے بدل دینے کی دھمکی دی گئی ہے۔ ارشاد خداوندی ہے: ''سنو! تم وہ لوگ ہو کہ جب تمھیں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی دعوت دی جاتی ہے تو تم میں سے بعض لوگ بخل کرنے لگتے ہیں اور جو کوئی بھی بخل کرتا ہے وہ درحقیقت اپنے آپ ہی سے بخل کرتا ہے، اور اللہ تعالیٰ غنی ہے اور تم محتاج ہو، اور اگر تم منہ موڑو گے تو وہ تمھاری جگہ کسی اور قوم کو لے آئے گا پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے۔'' (محمد: ۳۸)۔ یہاں یہ جو فرمایا کہ جو بخل کرتا ہے وہ اپنے آپ سے ہی بخل کرتا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ خرچ کرنے پر جو صلہ اسے آخرت میں اللہ تعالیٰ کے خزانہ سے کئی گنا اضافہ کے ساتھ ملتا اور اُس مشکل گھڑی میں اسے کام آتا، وہ اس سے محروم رہے گا، تو دراصل اس نے اپنے آپ سے بخالت کی اور اخروی بچت نہ کرکے اپنا ہی نقصان کیا، اللہ تعالیٰ نے اسے یہ حکم اسی کے فائدے کے لیے دیا تھا ورنہ وہ تو غنی اور بے نیاز ہے۔ الغرض ایک طرف تو یہ محرومی ہوئی اور دوسری طرف اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا وبال الگ بھگتنا پڑے گا۔ نیز دنیا میں بھی اس بخل کا انجام انسان کو بھگتنا پڑتا ہے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: ''کوئی قوم زکوٰۃ نہیں روک رکھتی مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ ان سے بارش روک لیتا ہے۔'' (المستدرک للحاکم علیہ الرحمۃ، حدیث نمبر ۲۵۷۷)۔ دوسری روایت میں یہ اضافہ بھی ہے کہ روئے زمین پر اگر جانور نہ ہوں تو ان کو بارش کا ایک قطرہ تک نہ ملے۔ (حوالہ سابق، حدیث نمبر ۸۶۲۳)۔ بارش نہ ہونے کا انجام قحط سالی کی شکل میں سامنے آسکتا ہے۔ ایک اور روایت میں زکوٰۃ ادا نہ کرنے پر مال کے ضائع ہونے کی وعید رسول اکرم ﷺ سے منقول ہے: ''خشکی یا سمندر میں کوئی مال ضائع نہیں ہوتا سوائے زکوٰۃ نہ دینے کی وجہ کے۔'' (جامع الصغیر للسیوطی علیہ الرحمۃ، حدیث نمبر ۷۸۷۸، بروایت حضرت عمرؓ)۔ اس حدیث کو گو محدثین نے ضعیف قرار دیا ہے لیکن دوسری احادیث کی تائید کی وجہ سے اس میں بیان کردہ خطرے کو بالکلیہ رد نہیں کیا جاسکتا۔ نیز زکوٰۃ روکنے کے چند سماجی مضمرات بھی مرتب ہوتے ہیں، اگر لوگ عمومی طور پر زکوٰۃ وصدقات روک لیں تو فقر و فاقہ معاشرے میں عام ہوجاتا ہے جس کے نتیجے میں چوری، راہ زنی اور ڈاکا زنی جیسی واردات وقوع پذیر ہونے لگتی ہیں، لوگوں کا امن وسکون غارت ہوجاتا ہے اور دولت مند طبقہ ہی اس سے سب زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ اس کے بالمقابل مال دار طبقہ جب زکوٰۃ وصدقات ادا کرتا ہے اور فقرا و مساکین تک متعلقہ رقم پہنچتی ہے تو ان کی قوت خرید (purchasing power) بڑھ جاتی ہے، پھر وہ اپنی ضرورت کی چیزیں مال داروں سے ہی خریدتے ہیں، اس طرح کے مالی تبادلہ سے زکوٰۃ دینے والوں کا منافع بڑھ جاتا ہے اور زکوٰۃ میں دی ہوئی رقم پھر ان کے پاس واپس آجاتی ہے۔ یوں معاشرے میں ارتکاز دولت اور معاشی عدم مساوات کا مسئلہ بہت حد تک قابو میں رہتا ہے، فقرا و مساکین کی ضروریات بھی پوری ہوتی ہیں اور اغنیا کو نفس و مال کی پاکیزگی بھی حاصل ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں زکوٰۃ وصدقات کی وجہ سے فقرا اور اغنیا کے درمیان محاسدت کے بجائے بھائی چارہ اور محبت و ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے جو معاشرے کے اندر یکجہتی اور استحکام لاتا ہے۔ زکوٰۃ وصدقات روک لینے اور فی سبیل اللہ خرچ نہ کرنے کے اجتماعی خسارے کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ اس سے جہاد وقتال کا نظام معطل ہوسکتا ہے جس کے نتیجے میں دارالاسلام پر باطل طاقتوں کا غلبہ ہوسکتا ہے اور اس کے نتائج بد بھی سارے مسلمانوں کو بھگتنے پڑ سکتے ہیں۔ اس لیے اس مرض کی سنگینی اور اس کے انجام بد کو مدنظر رکھتے ہوئے، اس کے علاج کی ہر ممکن تدبیر کرنی چاہیے یعنی زکوٰۃ کے ساتھ صدقات اور انفاق فی سبیل اللہ کا بھی خوب اہتمام کرنا چاہیے۔ زکوٰۃ وصدقات کے حکم کی تیسری حقیقت یہ ہے کہ یہ نعمت مال کا شکر ہے جس طرح نماز اور روزہ نعمت بدن کا شکر ہے۔ قرآن کریم نے مال و دولت کو ''خیر'' (بھلائی) اور ''اللہ کا فضل'' قرار دیا ہے اور اسے قیام زندگی کا ذریعہ بتایا ہے، مثال کے طور پر یہ آیت ملاحظہ فرمائیں: (ترجمہ) ''اور اپنے وہ مال نادان لوگوں کے حوالے نہ کرو جسے اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے قیام زندگی کا ذریعہ بنایا ہے۔'' (النسآء: ۵)۔ اس آیت میں مال کے ضائع ہونے کے خدشے سے اسے کم عقل لوگوں کے حوالے کرنے سے روکا گیا ہے کیوں کہ وہ قیام زندگی کا ذریعہ ہے۔ انسان اگر اسے شکر خداوندی کے ساتھ جائز طریقے پر استعمال کرے تو وہ اللہ کی بڑی نعمت ہے۔ اس کے ذریعہ ایک مسلمان دنیوی زندگی میں بھی راحت حاصل کرسکتا ہے اور اپنی آخرت کو بھی بہتر سے بہتر بنا سکتا ہے۔ قرآن کریم کا اعلان یہ ہے کہ دنیوی زندگی میں رزق و معیشت کی تقسیم اللہ رب العزت کی ہی طرف سے ہوتی ہے، وہ جس کی چاہتا ہے روزی فراخ کردیتا ہے اور جس کی چاہتا ہے تنگ کردیتا ہے۔ فرمان خداوندی ہے: ''دنیا کی زندگی میں ان کی معیشت کو ہم نے ہی ان کے درمیان تقسیم کیا ہے اور ہم نے ہی ان میں سے ایک کو دوسرے پر درجات میں فوقیت دی ہے تاکہ وہ ایک دوسرے سے کام لے سکیں۔''

انتخابی سیاست میں مسلمانوں کی ترجیحات کیا ہونی چاہئیں

سید شاہ واصف حسن واعظی

اتر پردیش کے 2027 کے اسمبلی انتخابات کے حوالے سے اس سلسلے کی پہلی دو قسطوں میں ملی قیادت کی حکمت عملی، اجتماعی مشاورت، جمہوری نظام کی شفافیت اور ووٹرلسٹوں کی درستگی جیسے اہم امور پر گفتگو کی جاچکی ہے۔ پہلی قسط میں اس ضرورت پر زور دیا گیا تھا کہ ملت کو نعروں سے زیادہ صحیح فکر اور درست حکمت عملی درکار ہے، جب کہ دوسری قسط میں انتخابی نظام کی شفافیت اور حق رائے دہی کے تحفظ کو بنیادی اہمیت دی گئی۔ اب اسی سلسلے میں ایک اور اہم سوال پر غور ضروری ہے کہ انتخابی سیاست میں مسلمانوں کی ترجیحات کیا ہونی چاہئیں اور سیاسی جماعتوں کی کارکردگی جانچنے کے لیے کون سے پیمانے اختیار کیے جائیں۔ یہ سوال محض کسی ایک جماعت کی حمایت یا مخالفت کا نہیں، بلکہ مسلم سماج کے تعلیمی، معاشی، سماجی اور سیاسی مستقبل سے تعلق رکھتا ہے۔ انتخابات کے دوران مختلف طبقات کی اہمیت بڑھ جاتی ہے، سیاسی جماعتیں وعدے کرتی ہیں اور عوام کے سامنے ترقی کے متعدد منصوبے پیش کیے جاتے ہیں۔ تاہم اصل ضرورت یہ ہے کہ ان وعدوں کو عملی اقدامات اور ان کے نتائج کی روشنی میں پرکھا جائے۔ کسی سیاسی رہنما کی تقریر، انتخابی جلسے میں کیا گیا اعلان یا منشور میں شامل کوئی وعدہ اسی وقت اہمیت رکھتا ہے جب اس پر عمل درآمد بھی ہو اور عوام اس کے نتائج محسوس کرسکیں۔ اتر پردیش میں مسلمان ایک اہم ووٹر طبقہ ہیں، لیکن مسلم سماج کو ایک یکساں سیاسی اکائی سمجھنا درست نہیں ہوگا۔ اس کے اندر معاشی حیثیت، تعلیمی سطح، پیشہ ورانہ ضروریات اور علاقائی مسائل کے اعتبار سے نمایاں فرق پایا جاتا ہے۔ شہری علاقوں کے مسائل دیہی علاقوں سے مختلف ہوسکتے ہیں۔ کہیں تعلیم اور روزگار بنیادی ضرورت ہیں، کہیں چھوٹے کاروبار اور روایتی دست کاری کو سہارا درکار ہے، جب کہ بعض علاقوں میں صحت، سڑک، بجلی، پانی اور شہری سہولتوں کے مسائل زیادہ اہم ہوسکتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ سیاسی ترجیحات کا تعین عمومی نعروں کے بجائے مقامی حالات اور عوامی ضروریات کی بنیاد پر کیا جائے۔ تعلیم مسلم سماج کے مستقبل کا ایک بنیادی مسئلہ ہے۔ سرکاری اسکولوں کا معیار، اعلیٰ تعلیم تک رسائی، پیشہ ورانہ تربیت، وظائف اور مسابقتی امتحانات کی تیاری ایسے شعبے ہیں جن پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ مدارس نے دینی تعلیم اور مذہبی رہنمائی کے میدان میں اہم خدمات انجام دی ہیں، جب کہ جدید علوم اور پیشہ ورانہ مہارتوں کی اہمیت بھی اپنی جگہ مسلم ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ دونوں کے درمیان غیر ضروری تقابل کے بجائے ایسا ماحول پیدا کیا جائے جس میں مسلم نوجوان دینی شناخت برقرار رکھتے ہوئے سائنس، ٹیکنالوجی، طب، قانون، انتظامی خدمات اور کاروبار کے میدانوں میں بھی آگے بڑھ سکیں۔ اس مقصد کے لیے صرف حکومت سے مطالبات کافی نہیں ہوں گے۔ تعلیمی اداروں، سماجی تنظیموں، اہل علم، صاحب استطاعت افراد اور خود والدین کو بھی اپنی ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔ وظائف، لائبریریاں، رہنمائی مراکز اور امتحانی تیاری کے معیاری ادارے نوجوانوں کے لیے مفید ثابت ہوسکتے ہیں۔ ساتھ ہی حکومت سے یہ مطالبہ بھی کیا جانا چاہیے کہ سرکاری تعلیمی سہولتوں تک منصفانہ رسائی، اسکولوں میں معیاری تعلیم اور ضرورت مند طلبہ کی معاونت کو یقینی بنایا جائے۔ تعلیمی ترقی کے لیے حکومتی اقدامات اور سماجی کوششوں کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ روزگار اور معاشی خود کفالت کا مسئلہ بھی اسی قدر اہم ہے۔ مسلم سماج کے مختلف طبقات تجارت، چھوٹے کاروبار، دست کاری، مزدوری اور غیر منظم شعبوں سے وابستہ ہیں۔ ان شعبوں میں کام کرنے والوں کو سرمایہ، جدید تربیت، بہتر مارکیٹنگ اور ڈیجیٹل ذرائع تک رسائی کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے، ہنرمند افراد کی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور چھوٹے کاروباروں کی معاونت کے سلسلے میں واضح منصوبے پیش کریں۔ ان منصوبوں کے لیے مالی وسائل، نفاذ کے طریقۂ کار اور نتائج جانچنے کے پیمانے بھی عوام کے سامنے ہونے چاہئیں۔ یہاں ایک اہم بات کو بھی پیش نظر رکھنا ہوگا کہ معاشی مسائل کا حل صرف انتخابی وعدوں سے ممکن نہیں۔ مسلم سماج کے اندر بھی تعلیم، ہنرمندی، کاروباری تربیت اور معاشی منصوبہ بندی کے فروغ کے لیے منظم کوششوں کی ضرورت ہے۔ نوجوانوں کو روایتی شعبوں کے ساتھ نئے کاروباری امکانات سے روشناس کرانا، چھوٹے تاجروں کو جدید تجارتی طریقوں کی تربیت دینا اور ہنرمند افراد کو وسیع منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا مفید اقدامات ہوسکتے ہیں۔ تاہم ان کوششوں کی بنیاد زمینی حقائق، معتبر اعداد و شمار اور مقامی ضروریات پر ہونی چاہیے۔ سیاسی نمائندگی کے معاملے میں بھی متوازن نقطۂ نظر اختیار کرنا ضروری ہے۔ اسمبلی میں مسلم نمائندوں کی تعداد اہم ہوسکتی ہے، لیکن اسے کامیابی یا ناکامی کا واحد پیمانہ نہیں بنایا جاسکتا۔ نمائندگی کی اصل افادیت اس بات سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ منتخب نمائندے عوامی مسائل کو کس حد تک اٹھاتے ہیں، قانون سازی میں کیا کردار ادا کرتے ہیں، ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کیسے کرتے ہیں اور اپنے حلقے کے لوگوں کے لیے کس حد تک جواب دہ رہتے ہیں۔

جواں دوست

دنیا تیزی سے بدل رہی ہے

دنیا تیزی سے بدل رہی ہے۔ علم و تحقیق کے نئے دروازے کھل رہے ہیں، ٹیکنالوجی انسانی زندگی کا رخ متعین کررہی ہے اور کامیابی کے معیار مسلسل تبدیل ہورہے ہیں۔ ایسے دور میں ہر زندہ قوم اپنے حالات کا جائزہ لیتی ہے، اپنی کمزوریوں کو پہچانتی ہے اور مستقبل کی تعمیر کے لیے نئی راہیں تلاش کرتی ہے۔ ملت اسلامیہ کے سامنے بھی آج یہی بنیادی سوال ہے کہ ہم بدلتے ہوئے حالات میں اپنی نئی نسل کو کس قدر تیار کررہے ہیں اور آنے والے کل کے لیے ہماری عملی تیاری کیا ہے؟ ہماری گفتگو میں ملت کے مسائل، تعلیمی پسماندگی، نوجوانوں کی بے چینی اور معاشرتی انتشار کا ذکر اکثر ہوتا ہے، لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ شکایتوں سے آگے بڑھ کر حل کی طرف قدم اٹھایا جائے۔ قوموں کی تقدیر محض جذباتی نعروں سے نہیں بدلتی؛ اس کیلئے علم، کردار، محنت، منصوبہ بندی اور مسلسل جدوجہد درکار ہوتی ہے۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ دوسروں کی غلطیوں کی نشاندہی سے پہلے اپنی ذمہ داریوں کا احساس پیدا کرنا ہی حقیقی اصلاح کی پہلی منزل ہے۔ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی کی بنیاد ہے۔ مسلمانوں کے لیے ضروری ہے کہ دینی تعلیم کے ساتھ عصری علوم، سائنسی شعور، زبان و ادب اور جدید ٹیکنالوجی کے میدانوں میں بھی اپنی صلاحیتوں کو فروغ دیں۔ دینی تعلیم انسان کو اخلاقی سمت عطا کرتی ہے، جبکہ عصری علوم زندگی کے عملی مسائل حل کرنے اور معاشرے کی تعمیر میں کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ ان دونوں کو ایک دوسرے کے مقابل کھڑا کرنے کے بجائے علم، تحقیق اور کردار کی مشترکہ بنیاد پر آگے بڑھنا چاہیے۔ ہمارے مدارس، اسکولوں اور تعلیمی اداروں کو طلبہ کی ذہنی و اخلاقی تربیت پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ تعلیم کا مقصد صرف امتحان میں کامیابی یا ملازمت کا حصول نہیں، بلکہ ایسے افراد تیار کرنا ہے جو سچائی، دیانت، تحمل اور خدمت خلق کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔ اگر ہر محلے میں مستحق طلبہ کی مدد، تعلیمی رہنمائی اور کیریئر مشاورت کا مستقل نظام قائم ہوجائے تو محدود وسائل کے باوجود نئی نسل کے لیے ترقی کے امکانات وسیع ہوسکتے ہیں۔ اس پورے عمل میں معلم کا کردار غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ استاد صرف کتاب نہیں پڑھاتا، بلکہ وہ ذہن بناتا، کردار سنوارتا اور مستقبل کی بنیاد رکھتا ہے۔ اس کی گفتگو، اس کا طرز عمل اور اس کی دیانت طلبہ کے دل و دماغ پر گہرے اثرات مرتب کرتی ہے۔ آج معلم کی ذمہ داری پہلے سے زیادہ بڑھ گئی ہے۔ کیونکہ نئی نسل معلومات کے ایک ایسے سیلاب میں زندگی گزار رہی ہے جہاں صحیح اور غلط میں امتیاز کرنا ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ استاد کو طلبہ میں مطالعے، تحقیق، سوال کرنے، دلیل سمجھنے اور اختلاف کو برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا کرنی ہوگی۔ گھریلو تربیت بھی اسی قدر ضروری ہے۔ بچہ سب سے پہلے اپنے گھر سے سچائی، احترام، ذمہ داری اور اخلاق کا سبق سیکھتا ہے۔ والدین کی عملی زندگی ان کی نصیحتوں سے زیادہ مؤثر ہوتی ہے۔ موجودہ دور میں موبائل فون اور سوشل میڈیا نے بچوں کے سامنے نئے امکانات بھی پیدا کیے ہیں اور نئے خطرات بھی۔ اس لیے والدین کو محض پابندیاں عائد کرنے کے بجائے بچوں کے ساتھ اعتماد کا رشتہ قائم کرنا، ان کی سرگرمیوں پر نظر رکھنا اور انہیں مفید مشاغل کی طرف راغب کرنا چاہیے۔ نوجوان کسی قوم کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔ ان کی صلاحیتوں کو پہچاننا، انہیں صحیح رہنمائی فراہم کرنا اور تعلیم و روزگار کے مواقع سے جوڑنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نوجوانوں سے صرف قربانی اور ذمہ داری کا مطالبہ کافی نہیں، انہیں اعتماد، حوصلہ اور آگے بڑھنے کے مواقع بھی دینے ہوں گے۔ محلے اور قصبے کی سطح پر مطالعاتی حلقے، ہنرمندی کے پروگرام، کیریئر رہنمائی اور سماجی خدمت کی سرگرمیاں شروع کی جاسکتی ہیں۔ جب نوجوانوں کو مقصد ملتا ہے تو ان کی توانائی تعمیری قوت میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ ڈیجیٹل دور نے معلومات کو عام کردیا ہے، مگر ہر معلومات کو علم سمجھ لینا ایک بڑی غلطی ہے۔ سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ خبریں پھیلانا، تحقیق کے بغیر کسی الزام کو آگے بڑھانا اور اختلاف کی بنیاد پر دوسروں کی کردار کشی کرنا معاشرتی اعتماد کو نقصان پہنچاتا ہے۔ قرآن مجید کی سورۂ حجرات میں خبر کی تحقیق کی ہدایت آج بھی ہمارے لیے بنیادی رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ ہمیں سوشل میڈیا کو افواہوں اور نفرت کے بجائے علم، اصلاح، خیر خواہی اور مثبت مکالمے کا ذریعہ بنانا چاہیے۔ ملت کی اجتماعی قوت کیلئے باہمی احترام اور تعاون بھی ضروری ہے۔ علمی، فکری اور فقہی اختلافات اپنی جگہ، لیکن انہیں دشمنی میں تبدیل کردینا کسی کے مفاد میں نہیں۔ ہمیں اختلاف کے باوجود مشترکہ مسائل کے حل کیلئے متحد ہونا سیکھنا ہوگا۔ تعلیم، غربت، بے روزگاری، صحت اور ضرورت مندوں کی مدد ایسے میدان ہیں جہاں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ کامیاب معاشرے وہ ہوتے ہیں جو اختلاف کے باوجود اجتماعی مفاد کو فراموش نہیں کرتے۔ اسی طرح خدمت خلق کو محض وقتی جذبے کے بجائے مستقل اجتماعی ذمہ داری بنانا ہوگا۔ کسی غریب بچے کی تعلیم کا انتظام، کسی بیمار کی مدد، کسی بے روزگار نوجوان کی رہنمائی اور کسی ضرورت مند خاندان کی باعزت کفالت بظاہر چھوٹے کام ہیں، لیکن ان کے اثرات بہت دور تک پہنچتے ہیں۔ اس کیلئے شفاف نظام، دیانت دارانہ انتظام اور مستحق افراد کی عزتِ نفس کا تحفظ ضروری ہے۔ خدمت وہی حقیقی ہے۔

روزنامہ جوان دوست جونپور
Daily Jawan Dost Jaunpur
www.jawandost.com



قاہرہ، مصر میں آئی ایس ایس ایف ورلڈ چیمپئن شپ رائفل-پستول میں مردوں کے 10 میٹر ایئر رائفل شوٹنگ فائنل میں کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں

رباڈا کی واپسی سے جنوبی افریقہ کو ملے گی مضبوطی: باوما

ڈربن۔ 15/اکتوبر۔ جنوبی افریقہ کے کپتان ٹیمبا باوما کا ماننا ہے کہ تیز گیند باز کگیسو رباڈا کے اتوار کو آسٹریلیا کے خلاف ہونے والے دوسرے آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میچ میں کھیلنے کا امکان ہے۔ مئی میں انڈین پریمیئر لیگ میں گجرات ٹائٹنز کے لیے کھیلنے کے بعد سے رباڈا نے کوئی کرکٹ نہیں کھیلی ہے۔ ٹریننگ کے دوران ہیمسٹرنگ میں لگی چوٹ سے صحت یاب ہونے کے باعث وہ آسٹریلیا کے خلاف سیریز کے پہلے ٹیسٹ میں نہیں کھیل سکے تھے۔ تاہم رباڈا اب مسابقتی کرکٹ میں واپسی کے قریب ہیں۔ باوما نے اشارہ دیا کہ 31 سالہ کھلاڑی تیزی سے صحت یاب ہو رہے ہیں اور گکیبرہا میں ہونے والے اہم دوسرے ٹیسٹ کے لیے پروٹیز ٹیم میں ان کی واپسی ہو سکتی ہے۔ ڈربن میں پہلے ٹیسٹ میں آسٹریلیا سے 214 رنز سے شکست کے بعد باوما نے کہا، کگیسو رباڈا ٹھیک نظر آ رہے ہیں۔ میرے خیال میں سپر اسپورٹ (جنوبی افریقہ کا براڈکاسٹر) انہیں بڑی اسکرین پر گیند بازی کرتے ہوئے دکھا رہا تھا۔ وہ ڈریسنگ روم میں ہمیشہ کی طرح خوش مزاج ہیں۔ انہیں ٹیم میں شامل نہ کرنے کا فیصلہ احتیاطاً کیا گیا تھا تاکہ انہیں کچھ اضافی دن مل سکیں۔ اب انہیں وہ اضافی دن مل گئے ہیں۔ ہم دیکھیں گے کہ وہ کس طرح بہتری لاتے ہیں، لیکن رباڈا بہت اچھی حالت میں ہیں۔ آئی سی سی کے مطابق اگر رباڈا دوسرے ٹیسٹ کے لیے واپس آتے ہیں تو امکان ہے کہ ساتھی تیز گیند باز اینرک نورکیا کو اپنی جگہ چھوڑنی پڑے، جنہوں نے ڈربن میں ٹیسٹ کرکٹ میں کامیاب واپسی کی تھی۔ اس کے علاوہ آسٹریلیا کے خلاف خراب فارم کے باعث کئی دیگر کھلاڑیوں کو بھی ٹیم میں اپنی جگہ برقرار رکھنے کے لیے سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اوپنر ریان رکیلٹن کنگز میڈ میں اپنی دونوں اننگز میں دہائی کا ہندسہ بھی عبور نہیں کر سکے، جارح مزاج بلے باز ٹرسٹن اسٹبس بھی متاثر کرنے میں ناکام رہے، جبکہ وکٹ کیپر کائل ویرین بھی دونوں اننگز میں سستے میں آؤٹ ہو گئے اور آسٹریلیا نے آسانی سے کامیابی حاصل کر لی۔ دوسرے ٹیسٹ کے لیے پروٹیز ٹیم جیرالڈ کوئٹزی، کوربن بوش اور ڈین پیٹرسن جیسے تیز گیند بازی کے متبادل پر غور کر سکتی ہے۔ اس کے علاوہ اسکواڈ میں شامل بغیر کیپ والے بلے باز مارکس ایکرمین اور بولنگ آل راؤنڈر سینوران متھوسامی بھی دعویداری میں ہو سکتے ہیں، جو ڈربن میں نہیں کھیلے تھے۔ تاہم باوما نے بڑے پیمانے پر تبدیلیوں کی ضرورت سے انکار کیا۔ جنوبی افریقہ کے کپتان نے اشارہ دیا کہ وہ پہلے ٹیسٹ میں کھیلنے والی ٹیم کے ساتھ ہی برقرار رہ سکتے ہیں اور انہیں یقین ہے کہ جب سیریز گکیبرہا میں آگے بڑھے گی تو ٹیم بہتر کارکردگی کے لیے تیار ہوگی۔ باوما نے کہا، میدان پر اترنے والے کھلاڑیوں پر ہمیں پورا اعتماد ہے۔ آگے چل کر کچھ بات چیت ضروری ہوگی۔ کھلاڑی سمجھتے ہیں کہ پیشہ ورانہ اور اعلیٰ سطح کے کھیل میں ایسا ہی ہوتا ہے۔ اگر آپ اچھی کارکردگی نہیں دکھا رہے ہیں اور کوئی دوسرا کھلاڑی موقع ملنے کا انتظار کر رہا ہے تو اسے وہ موقع ملے گا۔ یہ مایوس کن ہے۔ ہم سیریز کا آغاز اس طرح نہیں کرنا چاہتے تھے، چاہے وہ کسی بھی طرح کی سیریز ہو، اور آسٹریلیا جیسی ٹاپ ٹیم کے خلاف تو بالکل نہیں۔ ظاہر ہے کہ جذبات ابھی بھی کچھ تیز ہیں۔ بات چیت شروع کرنے سے پہلے شاید آپ چاہیں گے کہ جذبات پرسکون ہو جائیں، لیکن کچھ واضح چیزیں ہیں جن میں ہم یقینی طور پر بہتری لا سکتے ہیں۔ نتیجہ دیکھتے ہوئے ڈریسنگ روم میں کوئی بھی خوش نہیں ہے۔

ہندوستانی گولف کی نئی نسل ڈی پی ورلڈ انڈیا چیمپئن شپ میں صلاحیت دکھانے کو تیار

نئی دہلی۔ 15/اکتوبر۔ 40 لاکھ ڈالر کی انعامی رقم والی ڈی پی ورلڈ انڈیا چیمپئن شپ 2026 میں ڈی پی ورلڈ پی جی ٹی آئی کے تجربہ کار کھلاڑیوں کے ساتھ ہندوستانی گولف کی نئی نسل بھی اپنی صلاحیت دکھانے کے لیے تیار ہے۔ ان میں آرڈر آف میرٹ میں سرفہرست سپتک تلوار، خلین جوشی، ویر اہلوات اور راشد خان شامل ہیں۔ 15 اکتوبر سے تاریخی دہلی گولف کلب میں شروع ہونے والی چیمپئن شپ میں 18 سے 22 سال کی عمر کے کئی نوجوان کھلاڑی ڈیبیو کریں گے۔ 19 سالہ وشیش شرما، 18 سالہ منوج ایس، 21 سالہ انشل کبھتیال، 16 سالہ کارتک سنگھ اور 22 سالہ شبھم جگلان نے گزشتہ ہفتے گریٹر نوئیڈا میں منعقدہ کپل دیو انویٹیشنل ٹور چیمپئن شپ ※ کے بعد ریس ٹو ڈی پی ورلڈ انڈیا چیمپئن شپ میں ٹاپ 24 میں جگہ بنا کر یہ موقع حاصل کیا۔ وشیش، منوج اور انشل اس وقت ڈی پی ورلڈ پی جی ٹی آئی آرڈر آف میرٹ میں بالترتیب 16ویں، 17ویں اور 18ویں نمبر پر ہیں، جبکہ کارتک اور شبھم 20ویں اور 21ویں نمبر پر ہیں۔ وشیش اور شبھم نے رواں سیزن ڈی پی ورلڈ پی جی ٹی آئی میں اپنے پہلے پروفیشنل ٹائٹل بھی جیتے ہیں۔ نوجوان کھلاڑیوں میں وشیش شرما نمایاں ہیں۔ حیدرآباد کے اس گولفر نے گزشتہ ماہ اپنے ہوم کورس پر شاندار کامیابی حاصل کی اور رواں سیزن دوبار ٹاپ 10 میں جگہ بنائی ہے۔ وشیش نے کہا کہ دنیا کے بڑے گولف اسٹارز اور ہندوستانی کھلاڑیوں کے ساتھ کھیلنا اعزاز کی بات ہے اور اس مقابلے میں اچھی کارکردگی ان کے لیے بہت معنی رکھتی ہے۔ بنگلورو کے منوج ایس نے سیزن کے اختتام پر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹاپ 24 میں جگہ بنائی۔ گزشتہ دو مقابلوں میں مشترکہ طور پر پانچویں اور دوسرے مقام پر رہنے کے بعد وہ آرڈر آف میرٹ میں 26ویں سے 17ویں مقام پر پہنچے۔ انشل کبھتیال بھی رواں سیزن چار بار ٹاپ 10 میں جگہ بنا چکے ہیں۔

رنجی ٹرافی: بنگال اور گجرات کی آسان جیت، جے اینڈ کے کا میچ ڈرا

نئی دہلی/احمد آباد۔ 15/اکتوبر۔ رنجی ٹرافی کے مقابلوں میں بدھ کو بنگال اور گجرات نے آسان جیت درج کی، جبکہ جموں وکشمیر اور مدھیہ پردیش کے درمیان مقابلہ ڈرا رہا۔ سدھارتھ دیسائی (پانچ وکٹ) اور ارزان ناگواس والا (تین وکٹ) کی شاندار گیند بازی کی بدولت گجرات نے ایلیٹ گروپ سی کے مقابلے میں اوڈیشہ کو 10 وکٹ سے شکست دی۔ اوڈیشہ نے دوسری اننگز میں کل کے چار وکٹ پر 119 رنز سے آگے کھیلنا شروع کیا۔ صبح کے سیشن میں سدھارتھ دیسائی نے سمبت بیجا (4) کو آؤٹ کر کے گجرات کو پانچویں کامیابی دلائی۔ اس کے بعد انہوں نے سواستک سمل (1)، آشیرواد سوین (5) اور راجیش موہنتی (3) کو بھی آؤٹ کیا۔ 47ویں اوور کی پہلی گیند پر چیتن گجا نے للت یادو (6) کو بولڈ کر کے اوڈیشہ کی دوسری اننگز 161 رنز پر سمیٹ دی۔ گجرات کو جیت کے لیے 47 رنز کا ہدف ملا، جسے اس نے 3.9 اوور میں بغیر کوئی وکٹ گنوائے حاصل کر لیا۔ آریہ دیسائی نے 27 گیندوں پر سات چوکوں کی مدد سے ناٹ آؤٹ 37 رنز بنائے، جبکہ ابھیشیک دیسائی آٹھ رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ گجرات نے پہلی اننگز میں ویدانت ترویدی (108)، آریہ دیسائی (94)، ارول پٹیل (85) اور ہرشل پٹیل (60) کی اننگز کی بدولت 4.106 اوور میں 439 رنز بنائے تھے۔ اوڈیشہ نے پہلی اننگز میں گورو چودھری (137) اور سندیپ پٹنائک (69) کی اننگز کے دم پر 324 رنز بنائے تھے۔ ویدانت ترویدی کو شاندار کارکردگی کے لیے پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔ گجرات نے اس جیت کے ساتھ بونس پوائنٹ بھی حاصل کیا۔ ایک دیگر مقابلے میں پردیپت پرمانک (تین وکٹ)، عامر گنی اور سُمنت گپتا (دو، دو وکٹ) کی شاندار گیند بازی کے بعد کپتان ابھیمنیو ایشورن (ناٹ آؤٹ 34) اور انکور پال (38) کی بہترین اننگز کی بدولت بنگال نے ایلیٹ گروپ سی کے مقابلے میں دہلی کو نو وکٹ سے شکست دے دی۔ دہلی کے کپتان آیوش بدونی کی جدوجہد بھری 85 رنز کی اننگز کے باوجود بنگال نے رنجی ٹرافی مہم کا فاتحانہ آغاز کیا۔ دہلی نے دن کا آغاز 101 رنز پر تین وکٹ سے کیا، لیکن اس کے وکٹ مسلسل گرتے رہے اور دوسری اننگز 277 رنز پر سمٹ گئی۔ پردیپت پرمانک نے تین، جبکہ عامر گنی اور سُمنت گپتا نے دو، دو وکٹ لیے۔ جیت کے لیے صرف 89 رنز درکار تھے، جسے بنگال نے 3.15 اوور میں حاصل کر لیا۔ انکور پال نے 38 رنز بنائے، جبکہ کپتان ابھیمنیو ایشورن 34 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ وہیں دہلی میں سروسز کے خلاف مہاراشٹر کی 127 رنز کی جیت میں وِکی اوستوال کے پانچ وکٹ لینے کی کارکردگی ارجن شرما کے پانچ وکٹ لینے کے کارنامے پر بھاری پڑی۔ چوتھے دن پانچ وکٹ پر 66 رنز سے دوسری اننگز آگے بڑھانے والی مہاراشٹر کی ٹیم کا اسکور 102 رنز پر دو وکٹ ہو گیا تھا، لیکن راج وردھن ہنگرگیکر کے 43 رنز کی بدولت ٹیم 141 رنز تک پہنچی۔ جیت کے لیے 248 رنز کا ہدف تھا، لیکن سروسز کی ٹیم ہدف کا تعاقب نہیں کر سکی۔ اوستوال نے سدھیش ویر (3-27) اور ہتیش والونج (2-28) کے ساتھ مل کر وقفے وقفے سے وکٹ حاصل کیے اور حریف ٹیم کو 120 رنز پر آل آؤٹ کر دیا۔ بھارگو بھٹ کے پانچ اور مہیش پٹھیا کے چار وکٹ کی بدولت بڑودہ نے پنچی میں گوا کے خلاف اننگز اور 135 رنز سے بڑی جیت درج کی اور میچ سے سات پوائنٹس حاصل کیے۔ فالو آن ملنے کے بعد دوسری اننگز میں ایک وکٹ پر 35 رنز سے دن کا آغاز کرنے والی گوا کی ٹیم 138 رنز پر سمٹ گئی۔ بھٹ اور پٹھیا نے میچ میں مجموعی طور پر نو، نو وکٹ لیے۔ دھرو شورے اور امن موکھاڑے کی نصف سنچریوں اور ہرش دوبے کے چار وکٹ کی بدولت ودربھ نے پڈوچیری کو 160 رنز سے شکست دی۔ ودربھ نے اپنی دوسری اننگز تین وکٹ پر 175 رنز پر ڈکلیئر کر کے پڈوچیری کو 291 رنز کا ہدف دیا۔ پڈوچیری کی ٹیم ہدف سے کافی پیچھے رہ گئی۔ دوبے نے پارتھ ریکھڑے (3-43) اور امن موکھاڑے (2-31) کے ساتھ مل کر پڈوچیری کی بلے بازی کی کمر توڑ دی اور پوری ٹیم 130 رنز پر آل آؤٹ ہو گئی۔ ہریانہ نے ہماچل پردیش کو سات وکٹ سے شکست دی۔ دن کا آغاز تین وکٹ پر 26 رنز سے کرنے والی ہریانہ کی ٹیم نے چوتھے دن 71 رنز کا ہدف 10 اوور سے بھی کم وقت میں حاصل کر لیا۔ نصف سنچری بنانے اور دو وکٹ لینے والے کنشک چوہان کو پلیئر آف دی میچ منتخب کیا گیا۔ فیروایزم ژوٹن کی ناٹ آؤٹ 105 رنز کی اننگز نے منی پور کو میزورم کے خلاف پلیٹ گروپ کے مقابلے میں سنسنی خیز جیت دلائی۔ منی پور نے یہ مقابلہ تین وکٹ سے جیتا۔ جیت کے لیے 228 رنز درکار تھے اور منی پور نے دن کا آغاز بغیر کسی نقصان کے آٹھ رنز سے کیا تھا۔ خیانگتے وانروتلنگا اور لال ریم پُوئیا نے دن کے آغاز میں منی پور کو جھٹکے دیے، جس سے اسکور پانچ وکٹ پر 52 رنز ہو گیا۔ لیکن ساتویں نمبر پر بلے بازی کے لیے آنے والے ژوٹن نے جانسن سنگھ (51) کے ساتھ 114 رنز کی شراکت قائم کر کے اننگز سنبھال لی۔ جانسن اور ایل کشن سنگھا کے جلدی جلدی آؤٹ ہونے سے کچھ دباؤ پیدا ہوا اور منی پور کا اسکور سات وکٹ پر 185 رنز ہو گیا، لیکن ژوٹن آخر تک ڈٹے رہے اور آر ایکس راج کمار کے ساتھ مل کر ٹیم کو فتح دلا دی۔ وجے واڑہ میں آندھرا کے خلاف مقابلہ ڈرا رہا، جہاں میزبان ٹیم نے پہلی اننگز میں برتری حاصل کی تھی۔ ایسے میں کرون نائر نے ناٹ آؤٹ 155 رنز بنا کر کرناٹک کو مشکل صورت حال سے نکالا۔ کرناٹک نے چوتھے دن کا آغاز چھ وکٹ پر 176 رنز سے کیا اور جلد ہی کچھ وکٹ گنوا دیے، لیکن کرون نے نچلے آرڈر کے بلے بازوں کے ساتھ اچھی بلے بازی کرتے ہوئے اپنی ٹیم کو نو وکٹ پر 337 رنز تک پہنچایا اور اننگز ڈکلیئر کر دی۔ جیت کے لیے 194 رنز کا ہدف تھا، لیکن آندھرا نے چار وکٹ پر 104 رنز بنائے اور میچ ڈرا ہو گیا۔ سری نگر میں شبھم شرما نے سنچری بنائی، جبکہ آویش خان اور آریان پانڈے نے تین، تین وکٹ لیے۔ تاہم مدھیہ پردیش کوئی نتیجہ حاصل نہیں کر سکا اور میزبان وموجودہ چیمپئن جموں وکشمیر نے سخت مقابلے کے بعد میچ ڈرا کرا لیا۔ کپتان شبھم کے ناٹ آؤٹ 106 رنز کی بدولت مدھیہ پردیش نے پانچ وکٹ پر 151 رنز سے دن کا آغاز کیا اور چھ وکٹ پر 249 رنز بنا کر اننگز ڈکلیئر کر دی۔ جیت کے لیے 326 رنز درکار تھے، لیکن آویش اور آریان کی خطرناک گیند بازی کے سامنے جموں وکشمیر کا اسکور پانچ وکٹ پر 12 رنز ہو گیا۔ نچلے مڈل آرڈر کے بلے بازوں نے جدوجہد کی کوشش کی، لیکن جموں وکشمیر کے وکٹ مسلسل گرتے رہے، جبکہ بارش اور خراب روشنی نے مدھیہ پردیش کی تشویش بڑھا دی۔

رنجی ٹرافی: بنگال نے دہلی کو نو وکٹ سے ہرایا

کلیانی۔ 15/اکتوبر۔ پردیپت پرمانک (تین وکٹ)، عامر گنی اور سمنت گپتا (دو، دو وکٹ) کی شاندار گیند بازی کے بعد کپتان ابھیمنیو ایشورن (ناٹ آؤٹ 34) اور انکور پال (38) کی بہترین اننگز کی بدولت بنگال نے بدھ کو رنجی ٹرافی ایلیٹ گروپ سی کے مقابلے میں دہلی کو نو وکٹ سے شکست دے دی۔ دہلی نے آج اپنی دوسری اننگز میں کل کے تین وکٹ پر اسکور سے آگے کھیلنا شروع کیا۔ صبح کے سیشن میں عامر گنی نے ارجن راوت (39) کو آؤٹ کر کے بنگال کو چوتھی کامیابی دلائی۔ یش ڈھل (22) پانچویں اور آیوش بدونی (85) چھٹے وکٹ کے طور پر آؤٹ ہوئے۔ اس کے بعد بنگال کے گیند بازی اٹیک کے سامنے دہلی کے بلے باز زیادہ دیر نہیں ٹک سکے اور پوری ٹیم 2.106 اوور میں 277 رنز پر آل آؤٹ ہو گئی۔

جنوبی افریقہ کے پرو-20 میچ میں چیڈ لیکاک نے ایک اوور میں پانچ وکٹ لے کر ریکارڈ بنایا

کیپ ٹاؤن۔ 15/اکتوبر۔ سی ایس اے پرو-20 کپ میں منگل کو کے زیڈ این ان لینڈ کے تیز گیند باز چیڈ لیکاک نے ٹائٹنز کے خلاف ایک ہی اوور میں پانچ وکٹ حاصل کر کے تاریخ رقم کر دی۔ اس کے ساتھ ہی وہ جنوبی افریقہ کے ٹی-20 کرکٹ میں یہ کارنامہ انجام دینے والے پہلے گیند باز بن گئے۔ لیکاک نے میچ میں 26 رنز دے کر چھ وکٹ لیے، جوان کے کریئر کی بہترین گیند بازی بھی ہے۔ اس دوران انہوں نے مسلسل چار گیندوں پر وکٹ حاصل کیے، جو جنوبی افریقہ کے ٹی-20 کرکٹ کا ایک اور ریکارڈ ہے۔ مکمل رکن ٹیموں کے درمیان ٹی-20 کرکٹ میں اس سے قبل لست ملنگا، راشد خان، کرٹس کیمفر اور جیسن ہولڈر یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں۔ لیکاک کی یہ گیند بازی سی ایس اے پرو-20 کپ کی تاریخ میں بھی بہترین ہے۔ انہوں نے 2014 میں بیورن ہینڈرکس کے 29 رنز دے کر چھ وکٹ لینے کے ریکارڈ کو پیچھے چھوڑ دیا۔ ٹائٹنز کی اننگز کے 19ویں اوور میں لیکاک نے یہ ریکارڈ قائم کیا۔ سب سے پہلے انہوں نے لوئس ڈو پلیس کا وکٹ حاصل کیا، اس کے بعد دایان گیلیئم، افیوے منیاندہ، جینکو اسمتھ اور ایسوسا ایہیوبا کو مسلسل چار گیندوں پر آؤٹ کیا۔ ان پانچ وکٹوں کے باوجود 193 رنز پر چار وکٹ کی مضبوط پوزیشن میں موجود ٹائٹنز کی ٹیم اپنی اننگز میں 204 رنز ہی بنا سکی۔ اس سے قبل لیکاک نے نویں اوور میں لُہان ڈرے پریٹوریس کو آؤٹ کر کے کے زیڈ این ان لینڈ کو پہلی کامیابی دلائی تھی۔ پریٹوریس نے 36 گیندوں پر 81 رنز بنائے اور پہلی وکٹ کے لیے 112 رنز کی شراکت بھی قائم کی۔ لیکاک کی ریکارڈ ساز کارکردگی کے باوجود کے زیڈ این ان لینڈ کو یہ مقابلہ 21 رنز سے ہارنا پڑا۔ 205 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے کے زیڈ این ان لینڈ کی ٹیم چھ وکٹ پر 183 رنز ہی بنا سکی، جس میں لیکاک کے ناٹ آؤٹ 31 رنز شامل تھے۔ مردوں کے ٹی-20 کرکٹ میں لیکاک ایک ہی اوور میں پانچ وکٹ لینے والے چوتھے گیند باز ہیں۔ اس سے قبل بنگلہ دیش کے ال امین حسین، ہندوستان کے ابھیمنیو متھن اور انڈونیشیا کے گیدے پریاندا نے یہ کارنامہ انجام دیا ہے۔ مردوں اور خواتین دونوں کے ٹی-20 بین الاقوامی کرکٹ میں پریاندا واحد گیند باز ہیں جنہوں نے یہ کارنامہ انجام دیا ہے۔ انہوں نے دسمبر 2025 میں کمبوڈیا کے خلاف یہ کارنامہ انجام دیا تھا۔

باکسنگ فیڈریشن نے سکریٹری جنرل پرمود کمار کو معطل کر دیا

نئی دہلی۔ 15/اکتوبر۔ باکسنگ فیڈریشن آف انڈیا (بی ایف آئی) نے سکریٹری جنرل پرمود کمار کو فوری اثر سے عبوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ ان پر طریقہ کار کی خلاف ورزی، سرکاری نگرانی سے بچنے اور انتظامی دائرہ اختیار سے باہر جا کر کام کرنے کے الزامات ہیں، جن کی تفصیلی تحقیقات کی جائیں گی۔ 13 اکتوبر 2026 کو جاری معطلی کے حکم پر بی ایف آئی کے صدر اجے سنگھ کے دستخط ہیں۔ حکم میں متعدد ایسے اسباب کا ذکر کیا گیا ہے جن کی وجہ سے فیڈریشن کے مفادات کے تحفظ اور بغیر کسی رکاوٹ کے تحقیقات کو یقینی بنانے کے لیے فوری حفاظتی کارروائی ضروری سمجھی گئی۔ یہ تادیبی کارروائی کمار کی جانب سے باضابطہ وجہ بتاؤ نوٹس اور اس کے بعد مدت میں توسیع کے لیے جاری نوٹس کا جواب نہ دینے کے باعث کی گئی ہے۔ معطلی کے حکم میں ان اہم معاملات کا بھی ذکر ہے جن پر فوری کارروائی ضروری تھی۔ بی ایف آئی کو ایک بڑے ٹورنامنٹ کے دوران فراہم کی گئی خدمات کے سلسلے میں ایک بیرونی نشریاتی ایجنسی کی جانب سے بھاری رقم کے غیر متوقع مالی دعوے موصول ہوئے۔ ایجنسی نے کمار کی ذاتی منظوری سے جاری ورک آرڈر کی بنیاد پر کام کیا تھا، جسے مبینہ طور پر صدر، فنانس کمیٹی اور مجاز عہدیداروں سے جان بوجھ کر پوشیدہ رکھا گیا۔ یہ مالی عہد کمار کے مقررہ مالی اختیارات کی حد سے کہیں زیادہ تھا، جس کے نتیجے میں فیڈریشن پر بھاری غیر متوقع مالی ذمہ داریاں عائد ہو گئیں۔ اس کے علاوہ کمار نے قومی سطح کی چیمپئن شپ اچانک منسوخ کیے جانے کی تحقیقات کے لیے باقاعدہ طور پر تشکیل دی گئی تحقیقاتی کمیٹی کی جانب سے جاری نوٹسوں کا جواب دینے یا اس کے ساتھ تعاون کرنے میں بار بار ناکامی کا مظاہرہ کیا۔ بی ایف آئی نے یہ بھی پایا کہ کمار نے فیڈریشن کے سینئر عہدیداروں کے خلاف غیر مجاز سیز اینڈ ڈیسسٹ (کام یا کارروائی روکنے) کے نوٹس جاری کیے، صدر کے خلاف عدم اعتماد کی قرارداد لانے کے لیے غیر قانونی طور پر اجلاس بلانے کی کوشش کی اور انتظامی امور کو مفلوج کرنے اور فیڈریشن کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کے لیے میڈیا میں عوامی مہم چلائی۔ بی ایف آئی کے آئین کی متعلقہ دفعات کے تحت جاری حکم میں کہا گیا ہے، آپ کو اس کے ذریعے فوری اثر سے سکریٹری جنرل کے عہدے سے عبوری طور پر معطل کیا جاتا ہے۔ یہ معطلی تحقیقات مکمل ہونے تک یا مجاز اتھارٹی کی جانب سے حکم میں تبدیلی یا اسے منسوخ کیے جانے تک نافذ رہے گی اور بی ایف آئی کے آئین کی قابل اطلاق دفعات کے تابع ہوگی۔ فیڈریشن نے واضح کیا۔

الزاری جوزف اور شائی ہوپ بنگلہ دیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے باہر

پورٹ آف اسپین۔ 15/اکتوبر۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم بنگلہ دیش کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں تیز گیند باز الزاری جوزف اور شائی ہوپ کے بغیر میدان میں اترے گی۔ جوزف کو ورک لوڈ مینجمنٹ کے تحت آرام دیا گیا ہے، جبکہ سفید گیند کی ٹیم کے کپتان ہوپ کو آئندہ سال ہونے والے ورلڈ کپ کوالیفائر سے قبل آرام دیا گیا ہے۔ جوزف کو معمول کے طبی معائنے اور ماہرین سے مشاورت کے بعد ٹیم سے باہر رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ کرکٹ ویسٹ انڈیز نے ٹیسٹ کرکٹ میں جسمانی محنت اور مسلسل تیز رفتار گیند بازی سے انجری کے خطرے کے پیش نظر ان کا ورک لوڈ منظم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ 29 سالہ جوزف ٹیم کے میڈیکل

ہندوستان-ویسٹ انڈیز ٹی-20 میچ کی سکیورٹی کیلئے 2200 پولیس اہلکار، ڈرون تعینات

حیدرآباد۔ 15/اکتوبر۔ ہندوستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان بدھ کو اپل کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے چوتھے ٹی-20 بین الاقوامی میچ کے لیے تقریباً 2200 پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔ ملکاج گیری کی پولیس کمشنر بی سُمتی نے بتایا کہ تقریباً 40 ہزار شائقین کی متوقع آمد کے پیش نظر سکیورٹی اور ٹریفک کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔ پولیس نے تقریباً 8000 گاڑیوں کے لیے پارکنگ کا انتظام کیا ہے، جن میں 4600 چار پہیہ اور 3400 دو پہیہ گاڑیاں شامل ہیں۔ ٹریفک، انٹیلی جنس، اسپیشل آپریشنز ٹیم، بم ڈیٹیکشن اسکواڈ، شی ٹیموں اور دیگر خصوصی یونٹس کے اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ آرمڈ ریزرو کی 10 پلاٹون اور تلنگانہ اسپیشل پولیس کی 10 پلاٹون بھی سکیورٹی میں شامل ہوں گی۔ سادہ لباس میں پولیس کی چار ٹیمیں اسٹیڈیم کے اندر سرگرمیوں پر نظر رکھیں گی، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر آف پولیس رینک کا افسر کھلاڑیوں کے ڈگ آؤٹ اور دیگر محدود علاقوں کی سکیورٹی کی نگرانی کرے گا۔ اسٹیڈیم اور اس کے اطراف 408 سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے نگرانی کی جائے گی، جنہیں کنٹرول روم سے منسلک کیا گیا ہے۔ فضائی نگرانی، شائقین کی بھیڑ اور ٹریفک کی نگرانی کے لیے دو ڈرون بھی تعینات کیے جائیں گے۔ پولیس سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جعلی ٹکٹ فروخت کرنے والوں اور فرضی بکنگ لنکس و ویب سائٹس پر بھی نظر رکھے گی۔ بی سُمتی نے بتایا کہ بنجارہ ہلز سے پنجہ گٹہ، بیگم پیٹ، ترنکا اور حبس گوڑہ کے راستے اپل تک کھلاڑیوں اور ٹیم عہدیداروں کی آمد ورفت کو بھی منظم کیا جائے گا۔ خواتین شائقین کو ہراسانی سے بچانے کے لیے پانچ شی ٹیمیں اہم مقامات پر تعینات رہیں گی۔

رنجی ٹرافی: بڑودہ نے گوا کو اننگز اور 135 رنز سے ہرایا

پنچی۔ 15/اکتوبر۔ مہیش پٹھیا اور بھارگو بھٹ کی شاندار گیند بازی کی بدولت بڑودہ نے بدھ کو رنجی ٹرافی ایلیٹ گروپ اے کے مقابلے میں گوا کو اننگز اور 135 رنز سے شکست دے دی۔ مہیش پٹھیا اور بھارگو بھٹ نے میچ میں نو، نو وکٹ لیے۔ مہیش پٹھیا نے 66 رنز کی بھی اہم اننگز کھیلی اور انہیں پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ گوا نے آج اپنی دوسری اننگز میں ایک وکٹ پر 35 رنز سے آگے کھیلنا شروع کیا۔



قطر اور ایران کے کھلاڑی دوحہ، قطر کے تھانی بن جاسم اسٹیڈیم میں اے ایف سی چیمپئنز لیگ ایلیٹ فٹ بال میچ میں حصہ لے رہے ہیں۔

The daily Jawandost Owner, publisher, editor(Yogendra Vishwakarma) on behalf of Tarunmitra Media Pvt. Ltd, Printed at Media text Pvt. Ltd. Rohania GT Road Varanasi, and published from 47 Dhanidharpur jaunpur 222001.Resident Editor- Nazia Begum. RNI No. 47950/1989 Email-jawandostud@gmail.com www.jawandost.com, Phone 8808052925.